★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 23 شوال 1446، 22 اپریل 2025، 9 بیساکھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 168

جنوبی وزیرستان میں انسداد پولیو ٹیم پر حملہ، نسٹیبل شہید، دہشت گرد ہلاک

پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان مقابلہ نصف گھنٹہ جاری رہا، دہشت گرد بھاگ نکلے، انسداد پولیو ٹیم پر حملے کا یہ واقعہ جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم وارسک میں پیش آیا، وزیراعظم کا اظہار مذمت

دہشت گردوں نے انسداد پولیو ٹیم اور اس کی سیکیورٹی پر ماموں پولیس ٹیم پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا جس پر پولیس نے جوابی فائرنگ کی، دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایک کانسٹیبل شہید ہوگیا، ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے انسداد پولیو ٹیم پر حملے کا یہ واقعہ جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم وارسک میں پیش آیا، سینئر پولیس آفیسر نے حملے کی تصدیق کی، ہلاک دہشت گرد کا تعلق کالعدم تحریک طالبان پاکستان سے ہے، پولیس کے مطابق دہشت گردوں نے انسداد پولیو ٹیم اور اس کی سیکیورٹی پر ماموں پولیس ٹیم پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ کو مقام چیف جسٹس آف پاکستان کا حلف اٹھا رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کا کاشتکاروں کیلئے 110 ارب روپے کا مجموعی پیکیج

گندم کے کاشتکاروں کو فی ایکڑ بارانی 25 من اور نہری علاقوں کو فی ایکڑ 25 من گندم خریداری کا پابند بنانے کیلئے لازمی ترمیم کا حکم

لاہور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب میں گندم کے کاشتکاروں کیلئے 110 ارب روپے کے ریلیف پیکیج کا اعلان کر دیا، وہیٹ فارمر سپورٹ پروگرام کے تحت 25 ارب روپے کے امدادی چیک کی منظوری دیدی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس میں گندم کی امدادی قیمت کا اعلان کیا گیا، اجلاس کو بتایا گیا کہ 25 من گندم خریداری کیلئے 110 ارب روپے درکار ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان سے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے پولیو سینیٹر عائشہ رضا سول سیکرٹریٹ میں ملاقات کر رہی ہیں

چیف سیکرٹری سے سینیٹر عائشہ رضا کی وفد کے ہمراہ سول سیکرٹریٹ میں ملاقات

پولیو کے خاتمے کیلئے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر اتفاق، وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبہ کو پولیو فری بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ زاہد اختر زمان

وزیراعلیٰ پنجاب نے صوبہ کو پولیو فری بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ زاہد اختر زمان

پولیو وائرس کا پھیلاؤ روکنے کیلئے مڈ چلڈرن کی سو فیصد کوریج کو یقینی بنانا ہوگا۔ سینیٹر عائشہ رضا

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا نے وفد کے ہمراہ سول سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پولیو کے خاتمے کیلئے مشترکہ کوششیں تیز کرنے اور مڈ چلڈرن کی سو فیصد کوریج یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفد میں شامل محکمہ ہیلتھ کی ایڈیشنل سیکرٹری کوارڈینیٹر انوار الحق اور عالمی ادارہ صحت کے حکام نے پنجاب حکومت کے انسداد پولیو اقدامات کی تعریف کی۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے کہا کہ پولیو کا خاتمہ قومی مقصد ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبائی حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے صوبہ کو پولیو فری بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ڈپٹی کمشنرز کو اپریل کی انسداد پولیو مہم کو موثر اور کامیاب بنانے کی ہدایت جاری کی گئی ہے، انسداد پولیو اقدامات کیلئے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔ سینیٹر عائشہ رضا نے کہا کہ پولیو وائرس کا پھیلاؤ روکنے کیلئے مڈ چلڈرن کی سو فیصد کوریج کو یقینی بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبائی حکومت پولیو کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے،

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 22 اپریل 2025ء

امتحانات شفاف اور منظم ماحول میں منعقد کیے جائیں، کنٹرولر امتحانات

امتحانی عمل کی نگرانی کے سلسلے میں کنٹرولر امتحانات نے شکر گڑھ اور نارووال کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا



گوجرانوالہ (فویدہ بخاری قوت بیورو) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن گوجرانوالہ کے زیر اہتمام سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (فرسٹ ایئر) 2025ء کے امتحانات بخیر وخوبی اختتام پذیر ہو گئے۔ حکومت پنجاب، ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/ چیئرمین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی ہدایات اور راہنمائی کے ساتھ امتحانی نظام میں بہتری کے لیے متعدد اصلاحاتی اقدامات کیے گئے جن سے نہ صرف مثبت نتائج حاصل ہوئے بلکہ آئندہ انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے دوران مزید بہتری کی راہیں بھی ہموار ہوں گی۔ ان خیالات کا اظہار کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد احتشام جان بٹ نے کیا۔

انہوں نے بتایا کہ بورڈ کے امتحانات صاف، شفاف اور منظم ماحول میں منعقد کیے گئے۔ امتحانی عمل کی نگرانی کے سلسلے میں کنٹرولر امتحانات نے شکر گڑھ اور نارووال کے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا، جن میں گورنمنٹ ہائی اسکول شکر گڑھ، گورنمنٹ گریجویٹ کالج شکر گڑھ، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول نمبر 2 شکر گڑھ اور قائداعظم اکیڈمی برائے ایجوکیشن ڈویلپمنٹ نارووال شامل ہیں۔ انہوں نے ان امتحانی مراکز پر امتحانی عمل اور مارکنگ سنٹرز پر مارکنگ کے عمل کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 2، شکر گڑھ میں قائم میٹرک کے مارکنگ سنٹر پر بورڈ کا ایک ملازم ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا گیا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ محمد افضل رشید، جو بورڈ کی جانب سے مارکنگ سنٹر پر تعینات تھا، گزشتہ دو دنوں سے ڈیوٹی پر حاضر نہیں ہوا۔ کنٹرولر امتحانات نے فوری ایکشن لیتے ہوئے جواب طلبی کے ساتھ ساتھ سیکریسی برانچ کے انچارج کو متعلقہ ملازم کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایات بھی جاری کر دیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ امتحانی نظام میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ تمام امتحانی سنٹرز پر پرسکون ماحول میں پیپرز کا انعقاد ہوا کسی قسم کی غیر قانونی سرگرمی مشاہدہ میں نہ آئی۔

ڈی پی او راشد ہدایت کے حکم پر پولیس کا سرچ آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈی پی او راشد ہدایت کے حکم پر پولیس کا سرچ آپریشن۔ سرچ آپریشن تھانہ شاہ پور کے گاؤں 46 ٹو ایل میں ایس ایچ او ظفر مہار کی سربراہی میں کیا گیا۔ سرچ آپریشن کے دوران ناجائز اسلحہ سمیت دو ملزمان گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے دو پستول، ایک کاربین اور ایک رائفل سمیت 25 گولیاں برآمد۔ سرچ آپریشن کے دوران گاؤں کے 35 گھروں کو چیک کیا گیا، 80 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔ سرچ آپریشن کا مقصد سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور امن وامان کے قیام کو یقینی بنانا ہے۔ ضلع کو ڈاکوؤں، چوروں اور لٹیروں سے پاک کر کے امن کا گہوارہ بنایا جائے گا۔

پی پی 52 سیالکوٹ امیدوار کیلئے مشاورتی اجلاس گورنر ہاؤس میں ہوا

خواجہ اویس مشتاق نائب صدر پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کی خصوصی شرکت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گورنر اعوان، رانا محمد اشرف و احسن خمن و دیگر رہنما ہاؤس پنجاب میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت کا سیالکوٹ کے حلقہ پی پی 52 کے ضمنی الیکشن بارے اہم پارٹی میٹنگ میں مشاورتی اجلاس زیر صدارت سابقہ وزیراعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف وگورنر پنجاب سلیم اللہ خان منعقد ہوا جس میں سیالکوٹ سے پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، پی پی رہنما سیالکوٹ چوہدری اظہر دیال، سید ریاض حسین شاہ، ملک ظہیر اعوان، رانا محمد اشرف و احسن خمن و دیگر رہنما نے شرکت کی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے پی پی 52 کے ضمنی انتخابات کیلئے حلقہ بارے شرکاء کو مفصل بریفنگ دی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ووٹرز بارے آگاہی دی۔ مشاورتی سیشن ٹھہرانے کیلئے موقوف ہوا جبکہ ضمنی الیکشن میں پی پی پی کے متوقع امیدوار بارے دوسرا سیشن رات کو ہوگا۔

رائیونڈ: راج ہسپتال میں صحت عامہ کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے

مہنگائی کے اس دور میں شہریوں کو صحت کی فری سہولیات فراہم کرنا ہمارا فرض ہے۔ چوہدری منظور حسین



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) راج ہسپتال سندر روڈ رائیونڈ میں صحت عامہ کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ڈائریکٹر ہسپتال راج ہسپتال چوہدری منظور حسین کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں شہریوں کو صحت کی فری سہولیات فراہم کرنا ہمارا فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ فری میڈیکل کیمپ میں مختلف امراض کی تشخیص کے لیے سپیشلسٹ ڈاکٹروں پر مشتمل میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا شہری کو چاہیے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوں انہوں نے کہا کہ اس میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر نعمان جنجوعہ کنسلٹنٹ آئی سرج، ڈاکٹر ذوالفقار عزیز یورالوجسٹ، ڈاکٹر محمد اسلم خان کارڈیلوجسٹ، ڈاکٹر قرۃ العین چائلڈ سپیشلسٹ شامل ہیں جو کہ فری میڈیکل کیمپ میں عوام الناس کا چیک اپ اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کریں گے۔

اتائی ڈاکٹرز کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر بنانے کے لیے ڈرگ کورٹس کو نئے انداز سے تشکیل دینے کا حتمی فیصلہ کر لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنجاب حکومت نے جہلم سمیت پنجاب بھر میں اتائی ڈاکٹرز کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر بنانے کے لیے ڈرگ کورٹس کو نئے انداز سے تشکیل دینے کا حتمی فیصلہ کر لیا۔ اس مقصد کے لیے حکومت پنجاب نے ایک خصوصی بل پنجاب اسمبلی میں پیش کیا۔ بل کے متن کے مطابق، پنجاب میں ڈرگ کیسز کی سماعت کے لیے ایک نیا ڈیوژن قائم کیا جائے گا جو ایک سیشن جج اور دو ماہرین پر مشتمل ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سیشن جج کو تین سالہ مدت کے لیے نامزد کریں گے جبکہ حکومت دو ماہرین کو بھی تین سال کے لیے تعینات کرے گی، جو تجربہ ※ کار ہونگے

حکومت پنجاب نے پنجاب بھر میں ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کر دیا

اس دوران دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے 4 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے پنجاب بھر میں ہیٹ ویو کا الرٹ جاری کر دیا اور اس دوران دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت معمول سے 4 سے 6 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 22 سے 25 اپریل کے درمیان پنجاب میں ہیٹ ویو کا امکان ہے اور اس دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 ڈگری سے تجاوز کر سکتا ہے۔ پنجاب بھر میں ہیٹ ویو کے دوران دن بھر ہوا میں نمی کا تناسب 50 فیصد جبکہ شام کے وقت 25 فیصد تک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ گرمی کی لہر کی وجہ سے عوام الناس بالخصوص بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا حکومت کی طرف سے مشورہ دیا گیا ہے۔ دن کے اوقات میں سورج کی براہ راست تپش میں کم نکلا جائے اور ابلے ہوئے پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جائے تاکہ بیماریوں سے بچا جا سکے۔

حکومت کی موثر پالیسیوں سے مہنگائی کا خاتمہ ہو رہا ہے: میاں خالد محمود

تمام بنیادی سہولیات عوام کو انکی دہلیز پر میسر ہیں عوام وزیراعظم شہباز شریف کے انقلابی اقدامات سے خوش ہے

تلنبوپورہ (نمائندہ خصوصی) اتحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ حکومت کی موثر پالیسیوں سے مہنگائی کا خاتمہ ہو رہا ہے روزگار کے مواقع بڑھے ہیں اور تمام بنیادی سہولیات عوام کو انکی دہلیز پر میسر ہیں عوام وزیر اعظم شہباز شریف کے انقلابی اقدامات سے خوش ہے ان شاء اللہ عوامی خوشحالی کا وعدہ پورا کیا جائے گا جس کی تکمیل کی خاطر حکومت دن رات کام کر رہی ہے، گزشتہ ایک سال میں عوام کیلئے نہایت آسانیاں پیدا کر کے حکومت نے اپنی ترجیحات واضح کر دی ہیں، استحکام پاکستان پارٹی کی قیادت نے ہمیشہ جمہوری اصولوں پر کاربند رہ کر سیاست کی اور اب بھی سیاست میں عدم تشدد کے اصول پر قائم ہے مگر پی ٹی آئی وطن عزیز کو سیاسی انتشار اور انارکی کی دلدل میں دھکیلنا چاہتی ہے ملکی معیشت کو تباہ کرنا ان کا اولین ہدف ہے معاشی ابتری انہی کی سازشوں اور نااہلی کا شاخسانہ ہے جس کا خمیازہ ملک وقوم کو بھگتنا پڑا مگر اب انکی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا وطن عزیز کو معاشی بدحالی کا شکار کرنے اور ملک دشمن قوتوں کے مذموم ایجنڈے کی تکمیل کی خاطر کردار ادا کرنے والے اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں اب ملکی سیاست میں ان شرپسندوں کی کوئی جگہ نہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ وجعلساز مافیا کی شامت لے آئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ وجعلساز مافیا کی شامت لے آئی۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کے ویژن کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیموں نے جعلساز مافیا کے خلاف بڑی کارروائیاں کیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی زیر نگرانی چنیوٹ شہر کے دور دراز علاقے میں جعلساز مافیا کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ خفیہ اطلاع پر کریانہ سٹور پر چھاپہ مارا گیا اور دکان کے سٹور سے بھاری مقدار میں ایکسپائرڈ اور ممنوع اجزاء برآمد کئے گئے۔ سٹور مالک کو 70000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ 60 کلو سے زائد ایکسپائرڈ مصنوعات، 30 کلو غیر معیاری چینی، 16 کلو ممنوعہ چائنیز سالٹ اور 5 کلو ممنوع رنگ کاٹ موقع پر تلف کر دیا گیا۔

رائیونڈ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیو ویکسینیشن مہم کا افتتاح کر دیا گیا

وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر سات روزہ مہم کا آغاز کیا۔



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال رائیونڈ میں پولیو ویکسینیشن مہم کا افتتاح کر دیا گیا جس میں وزیر صحت خواجہ عمران نذیر، سمیت سیکرٹری ہیلتھ فوکل پرسن وزیر اعلیٰ پنجاب کی شرکت۔ وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر سات روزہ مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پنجاب بھر سے پولیو جیسے موذی مرض کا ختم مریم نواز حکومت کی اولین ترجیح ہے اور پولیو مہمیں ہر صورت جاری رہے گی، پولیو ٹیموں کو فول پروف سیکورٹی دیں گے۔ وزیر صحت پنجاب نے اپوزیشن جماعتوں پر تنقید کرتے ہوئے※ کہا کہ دھرنے کے نام پر فائیو سٹار کنٹینر میں سیاسی سجن بیچنے والے ہمیں عوامی خدمت سے نہیں روک سکتے انشاءاللہ ہمیں اپنے بچوں کو صحت مند بنانے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ پولیو مہم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے※ سیکرٹری ہیلتھ پنجاب میڈم نادیہ ثاقب نے کہا کہ ہم ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مشکور ہیں کہ وہ ہمارے بچوں کی صحت مند زندگی کیلئے کوشاں ہیں اسکے ہم پولیو مہم میں محنتی سرکاری عملہ کی کوششوں کو بھی سلام پیش کرتے ہیں۔ پولیو افتتاحی مہم سے خطاب کرتے ہوئے※ وزیر اعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن مس مریم نواز شریف نے کہا کہ پرائمری ہیلتھ پر ہم ٹیم کی طرح کام کر رہے ہیں اور پنجاب کو پولیو فری صوبہ بنائیں گے انکا کہنا تھا کہ پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو ہر صورت میں کور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے میڈیا نمائندوں علماء کرام اور والدین سے پولیو مہم میں حکومت کا ساتھ دینے کی اپیل کی۔

جامعہ سلفیہ میں ختم نبوت ریڈرز کلب پاکستان کے زیر اہتمام تقریب تقسیم انعامات

حکمرانوں کو قادیانیوں کے ساتھ رواداری مہنگی پڑے گی تحفظ ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے: مولانا ارشاد الحق اثری



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) جامعہ سلفیہ میں ختم نبوت ریڈرز کلب پاکستان کے زیر اہتمام تقریب تقسیم ڈاکٹر بہا الدین ایوارڈز سے خطاب ہوتے مولانا ارشاد الحق اثری، علامہ عبدالصمد معاذ، پروفیسر چوہدری یاسین ظفر، ڈاکٹر حبیب الرحمن، ابوبکر قدوسی، پروفیسر خالد ظفر اللہ، پروفیسر نجیب اللہ طارق، مولانا ڈاکٹر محمد رفیق طور، ڈاکٹر ساجد اسد اللہ، سہیل گورداسپوری نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے قوم نے متحد ہو کر تاریخی جدوجہد کی ہے یہاں تک کہ اس کے لئے مسلمانوں نے اپنی جانوں کی قربانی بھی دی ہے حکمرانوں کو قادیانیوں کے ساتھ رواداری مہنگی پڑے گی تحفظ ختم نبوت ہمارے ایمان کا حصہ ہے قادیانیوں کے مطالبہ پر قانون میں کسی قسم کی ترمیم تو دور کی بات ہے اس میں تبدیلی کا خیال بھی ناقابل قبول ہیقادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینا 1973 کی آئین ساز اسمبلی کا تاریخی کارنامہ ہے۔ تقریب میں ملک کی دو ممتاز دینی شخصیات، اسکالرز پروفیسر ڈاکٹر ظفر اللہ اور مولانا ڈاکٹر محمد رفیق طور کو ختم نبوت ریڈرز کلب انٹرنیشنل کی طرف سے سال 2025 کے لئے ڈاکٹر بہا الدین ایوارڈ دیا گیا تقریب میں ایک قرارداد کے ذریعہ تحریک تحفظ ختم نبوت کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے فی الفور علیحدہ کیا جائے دوسری قرارداد کے ذریعہ ملک میں جاری دہشت گردی کی پرزور مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے ذمہ داران کے خلاف سیکیورٹی اداروں کے جاری آپریشن کی بھرپور حمایت کی گئی قرارداد میں ملک میں امن و امان کی بحالی اور فرقہ واریت کے خاتمہ کی ضرورت پر زور دیا گیا اور اس ضمن میں پیغام پاکستان کو ایک رہنما دستاویز قرار دیتے ہوئے اس پر عملدرآمد کروانے کا مطالبہ کیا گیا

ڈسکہ میں بھی پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

تحصیل بھر میں پانچ سال تک کے ایک لاکھ 68 ہزار 500 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کیلئے 611 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ میں بھی پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سادات انور نے خانہ بدوش بستی سے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر 21 سے 25 اپریل تک جاری رہنے والی پانچ روزہ قومی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے تحصیل بھر میں پانچ سال تک کے ایک لاکھ 68 ہزار 500 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کیلئے 611 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جن میں 568 موبائل ٹیمیں 29 فکس ٹیمیں اور 14 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں جو گھر گھر جا کر، بھٹوں، بس اسٹینڈز، سکولوں، ہسپتالوں و دیگر مقامات پر پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سادات انور کا کہنا ہے کہ مستقل معذوری سے بچانے کیلئے اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں اور قطرے پلانے کیلئے آنے والی محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھی تعاون کریں تاکہ کوئی بچہ قطرے پینے سے نہ رہ جائے اور پاکستان پولیو فری ہو سکے

رانا شمیم احمد، چوہدری ارمغان سبحانی و چوہدری خرم ورک کی شادی کی تقریب میں شرکت

ملکی وصوبائی معاملات و پی پی 52 ضمنی انتخاب سمیت اہم ایشوز زیر غور آئے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وفاقی وزیر مملکت چوہدری ارمغان سبحانی و ریونیو سٹیٹ سیاستدان و سابق ممبر قومی اسمبلی رانا شمیم احمد خان اور صوبائی وزیر چوہدری خرم خان ورک MPA پارلیمانی سیکرٹری بلدیات کی ایکسٹرا ملک ارشد سائن سروبے کی بیٹی کی شادی کی تقریب میں خصوصی شرکت۔ ملاقات کے دوران ملکی سیاست و پی پی 52 میں حالیہ ضمنی انتخابات میں پی ایم ایل این کے امیدوار کی بھرپور حمایت کا عندیہ دیا گیا۔ واضح رہے کہ سیالکوٹ کی صوبائی اسمبلی و قومی اسمبلی کی قیادت انیوالے بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے بھی نتیجہ گی کیساتھ بلدیاتی سیٹ اپ میں متوقع پارٹی امیدواران بارے غور کیا گیا۔ اس موقع پر چوہدری ارمغان سبحانی MNA وفاقی وزیر، سابق MNA رانا نسیم ※ سابق چیئرمین ملک اختر عباس چانڈ یوی چاہڑ باجوہ، سابق چیئرمین ملک ضیا الدین یوی معرا جکے، سابق چیئرمین مشتاق گورسی یوی بڈیانہ ※ ایڈووکیٹ اظہر رشید باجوہ، ملک عامر اقبال اور دیگر ساتھی بھی ہمراہ موجود تھے۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ راجہ قمر الزمان کا جوڈیشل کمپلیکس دیپال پور کا سرپرائز وزٹ

طارق سلیم چوہان ایڈیشنل اینڈ سیشن جج دیپال پور دیگر کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ راجہ قمر الزمان کا جوڈیشل کمپلیکس دیپال پور کا سرپرائز وزٹ۔ طارق سلیم چوہان ایڈیشنل اینڈ سیشن جج دیپال پور دیگر کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ بلڈنگ افسران کی جانب سے بریفنگ دی گئی جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر بلا تاخیر جلد از جلد ممکن بنائے جانے کے احکامات کیے۔ بلڈنگ افسران نے جوڈیشل کمپلیکس 2026 تک مکمل تیاری کا عندیہ دے دیا۔ اس موقع پر پولیس بھاری نفری اور جوڈیشل عملہ بھی موجود تھا۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اوکاڑہ راجہ قمر الزمان نے اولڈ تحصیل کورٹس دیپال پور کا بھی دورہ کیا۔ دیپال پور بار ایسوسی ایشن کے سیکرٹری شاہد محمود پیرزادہ دیگر عہدیداران سے ملاقات اور جوڈیشل افسران کیساتھ میٹنگ کی اور میٹنگ کے بعد واپس روانہ ہو گئے۔

چیئرمین سیالکوٹ یونیورسٹی فیصل منظور نے جمشید آفتاب کیلئے فاتحہ کی

عمائدین شہر کے ہمراہ سنیئر صحافی جنید آفتاب سے اظہار تعزیت

سیالکوٹ فیصل منظور کا عمائدین شہر کے ہمراہ سنیئر صحافی جنید آفتاب کی رہائشگاہ آمد کے موقع پر ان سے جمشید آفتاب کی وفات پر اظہار تعزیت کیا۔ سیالکوٹ کی صحافتی برادری کیساتھ صنعتکاروں، وکلاء، ڈاکٹرز سمیت مختلف عمائدین کیجانب سے اظہار تعزیت کیلئے سنیئر صحافی کی رہائشگاہ آمد ورفعت جاری ہے۔

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گورنمنٹ مرے کالج میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ کیمسٹری پروفیسر جمشید آفتاب مرحوم کی وفات پر اظہار تعزیت کیلئے انکے بڑے بھائی سنیئر جرنلسٹ جنید آفتاب آف روز نامہ جنگ سے شہر شہر سے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کا تانتا بندھ گیا۔ چیئرمین یونیورسٹی آف

یوپی مہم کا پہلا روز سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کا مختلف مقامات کا دورہ

محکمہ صحت کے افسران ڈاکٹرز نے جناح چوک، کسوکی بائی پاس، مختلف دیہی علاقوں، دیہی ہسپتالوں میں انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) انسداد پولیو مہم کے پہلے روز سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر فاتح علی تارڑ اور ڈسٹرکٹ انچارج آئی آر ایم این سی ایچ ڈاکٹر رائے شہروز احمد نے موٹر وے انٹرچینج جھگیوں، بس اڈوں، مارکیٹوں سمیت مختلف مقامات کے دورے کرتے ہوئے وہاں پولیو ٹیموں کی مانیٹرنگ اور بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے کاموں کا جائزہ لیا۔ محکمہ صحت کے افسران ڈاکٹرز نے جناح چوک، کسوکی بائی پاس، مختلف دیہی علاقوں، دیہی ہسپتالوں میں انسداد پولیو مہم کے سلسلہ میں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے عوام اور بالخصوص والدین سے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کی تمام ٹیمیں ضلع بھر میں شہری و دیہی علاقوں میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے میں مصروف ہیں ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ اس قومی مہم کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال تک کی عمر کا کوئی بچہ حفاظتی قطرے پینے سے نہ رہ جائے۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کو بھی ہدایت کی کہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کا سو فیصد ٹارگٹ حاصل کیا جائے اور بچوں کا مکمل ریکارڈ بھی مرتب کیا جائے۔

اظہار تعزیت

وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و ایم پی اے وقار احمد چیمہ کی مشن برج آمد میجر (ر) راجہ شاہد اعزاز اللہ خان، راجہ زاہد اعزاز اللہ خان کے والد سابق وزیر قانون راجہ خلیق اللہ خان مرحوم کے سمدھی، راجہ نوید اللہ خان کے چچا، چیئرمین راجپوت فیڈریشن پاکستان پیر راجہ محمد اعجاز اللہ خان کے دادا جان راجہ اعزاز اللہ خان کی وفات پر اظہار تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت کی دعا کی اس موقع پر میجر (ر) عرفان اللہ خان، راجہ جہانزیب خان، راجہ کرم اللہ خان، راجہ اسد اللہ خان، راجہ متین راجہ بلال مصطفیٰ، شہباز احمد چندوڑ محمد عمران سنی و دیگر موجود تھے۔

صدر بازار میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں کے خلاف ایکشن

سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی زیر نگرانی اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کی متعدد دکانداروں کے خلاف کارروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر صدر بازار میں تجاوزات کرنے والے دکانداروں کے خلاف ایکشن، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید کی زیر نگرانی اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کی متعدد دکانداروں کے خلاف کارروائیاں، آپریشن کے دوران تجاوزات کرنے والے دکانداروں کا سامان قبضہ میں لے لیا گیا، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید نے کہا ہے کہ بازاروں میں تجاوزات کرنے والے دکاندار ہرگز غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں اور تجاوزات سے عوام کے لیے مشکلات پیدا نہ کریں، حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق تجاوزات کرنے والے دکانداروں کو عوام سے ہرگز زیادتی کی اجازت نہیں دی جائے گی اور ان کے خلاف تسلسل سے کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

دیپالپور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال سمیت ہیلتھ افسران، ڈاکٹرز سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا



دیپالپور (زاہد عمران ججوعہ) دیپالپور اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر ایم ایس ٹی ایچ کیو ہسپتال سمیت ہیلتھ افسران، ڈاکٹرز سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کیا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ تحصیل بھر کے 3 لاکھ 5 ہزار 64 بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے 1149 موبائل اور 61 فکسڈ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور 23 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی بنائے گئے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے متحرک انداز میں کام کریں اور دیے گئے ٹارگٹ کے مطابق بچوں کی ویکسینیشن کریں، انہوں نے کہا کہ اس قومی مہم میں غفلت اور لاپرواہی سے ہرگز کام نہ لیا جائے اور دیے گئے اوقات کار میں پولیو ٹیمیں دیانتداری سے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، مزید براں اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے متعدد مقامات پر انسداد پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا اور ویکسینیشن کے سو فیصد ٹارگٹ کے حصول کے لیے احکامات بھی جاری کیے۔

گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں منی پٹرول پمپ کی بھرمار

منی پٹرول پمپ مالکان۔ ایرانی سمگل شدہ ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے

گیمبر اوکاڑہ چھاونی (نامہ نگار) گیمبر ضلعی انتظامیہ کی ملی بھگت سے گیمبر قادر آباد اور اس کے گرد ونواح میں منی پٹرول پمپ کی بھرمار۔ منی پٹرول پمپ مالکان۔ ایرانی سمگل شدہ ڈیزل اور پٹرول سیل کرنے لگے جس سے حکومت کو کروڑوں روپے کا نقصان ہونے لگا اور حکومت کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان ہونے لگا ضلعی انتظامیہ کے افسران منی پٹرول پمپ مالکان کے ساتھ رسم دنیا نبھا کر۔ خاموشی کی چادر اوڑھ کر فوٹو سیشن کرنے کے بعد سب اوکے کی رپورٹ پیش کرنے لگے بدقسمتی سے منی پٹرول پمپ مالکان کے خلاف کاروائی کرنے والا کوئی نہیں جس کی وجہ سے گیمبر قادر آباد کی عوام۔ ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی پر شدید برہم گیمبر قادر آباد کی عوام کا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم وزیر اعلیٰ پنجاب اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گیمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں منی پٹرول پمپ مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

گندم کی قیمت میں عدم استحکام کسانوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

نارنگ منڈی میں سرکاری سطح پر گندم خریداری کیلئے ابھی تک کوئی انتظامات نہیں کئے گئے کسان سراپا احتجاج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گندم کی قیمت میں عدم استحکام کسانوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی نارنگ منڈی میں سرکاری سطح پر گندم خریداری کیلئے ابھی تک کوئی انتظامات نہیں کئے گئے کسان سراپا احتجاج تفصیل کے مطابق ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی میں گندم کی فصل پک کر تیار ہو چکی مگر سرکاری سطح پر گندم کی خریداری کے لئے کوئی سنٹر نہیں بنایا گیا جس سے کسانوں میں انتہائی مایوسی پائی جا رہی ہے ان کا کہنا تھا کہ کسانوں کی مشکلات میں اضافہ لگتا ہے حکومت کسان مکاؤ پالیسی پر اتر آئی ہے مجبور کیا جا رہا ہے کہ آئندہ فصل نہ اگائیں گندم کی قیمت میں عدم استحکام نے کسانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے بھاری اخراجات برداشت کر کے گندم کاشت کرنے والے کاشتکار ذہنی مریض بن کر رہ گئے ہیں موجودہ ح

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

ملکی افق پر آمریت کے منڈلاتے بادل

حکومت نے دہشت گردی کے خلاف یک آواز ہونے کے لیے قومی اسمبلی کی سیکورٹی کمیٹی کا اجلاس بلایا تھا جس میں عسکری قیادت نے بھی شرکت کی۔ تاہم تحریک انصاف اور متعدد دیگر اپوزیشن پارٹیوں کی عدم شرکت سے قومی یکجہتی کا تاثر قوی نہیں ہوسکا۔ یہ ہی یہ واضح ہوا کہ دہشت گردی کے خلاف سب سیاسی عناصر مل کر ایک ہی حکمت عملی اختیار کرنے پر تیار ہیں۔

تحریک انصاف نے ایک روز قبل اس اہم اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا تاہم اجلاس سے پہلے اچانک اس فیصلہ کو تبدیل کرتے ہوئے بتایا گیا کہ عمران خان کو پیرول پر رہا کر کے اجلاس میں مدعو نہ کرنے کی وجہ سے تحریک انصاف اور اس کی حمایت کرنے والی سیاسی جماعتوں نے اجلاس میں شریک نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ سیاسی طور سے یہ غلط اور قومی مفاد کے برعکس فیصلہ تھا لیکن یوں معلوم ہوتا ہے کہ عمران خان ہر موقع کو اپنی رہائی اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف منعقد ہونے والے اجلاس میں ملک کی سب سے بڑی پارٹی کی عدم شرکت سے سیاسی تقسیم گہری ہوگی اور جمہوری ادارے کمزور ہوں گے۔

عمران خان کی مسلسل حراست ایک سنگین اور پریشان کن مسئلہ ہے لیکن تحریک انصاف کو ان کی رہائی کے سوال کو قومی سلامتی و سیاسی مفاہمت کے معاملات سے منسلک کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اس سے پہلے عمران خان کی رہائی ہی کے سوال پر تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ شروع ہونے والے مذاکرات کا بائیکاٹ کیا تھا۔ اور اب دہشت گردی کی سنگین صورت حال میں پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کا بائیکاٹ کر کے تحریک انصاف نے قومی منظر نامہ پر خود کو مزید تنہا کیا ہے۔ اس دوران پارٹی سے منسلک عناصر فوج کے خلاف اور بلوچستان میں دہشت گردی کا ارتکاب کرنے والے عناصر کی حمایت میں سوشل میڈیا پر بیانیہ بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ یہ حکمت عملی ملکی سیاست کو جامد اور جمہوری راستہ مسدود کرنے کا سبب بنے گی۔ یوں لگتا ہے کہ عمران خان اب بھی کسی عوامی انقلاب کی امید کر رہے ہیں جو نہ صرف ان کی رہائی بلکہ ان کی اقتدار میں واپسی کا راستہ ہموار کرے گا۔ تاہم اس مقصد کے لیے اگر فوج میں انتشار ڈالنے کی ویسی ہی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے جو سانحہ 9 مئی کے وقت کی گئی تھی تو اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔

تحریک انصاف قومی اسمبلی میں سب سے بڑی تنہا پارٹی کی حیثیت رکھتی ہے۔ قومی سلامتی کے ان کیمرا اجلاس میں شریک ہو کر اس کے نمائندے اپنا موقف پیش کر سکتے تھے اور اس تاثر کو بھی قوی کر سکتے تھے کہ حکومت کے تمام جابرانہ ہتھکنڈوں کے باوجود تحریک انصاف جمہوری عمل پر یقین رکھتی ہے اور کسی مشکل میں قوم کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ البتہ اس اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کرنے اور بعد میں اسے تبدیل کرنے کے طریقے نے پارٹی کے اندر پائی جانے والی نظریاتی تقسیم کو بھی واضح کر دیا ہے۔ عمران خان کو سمجھنا چاہیے کہ جھوٹ اور نفرت کی بنیاد پر محض سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے ذریعے نہ تو کوئی انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ملک میں جمہوری عمل کو مستحکم کیا جاسکے گا۔ جمہوریت اسی وقت موثر اور فعال ہوسکتی ہے جب عوام کے ووٹ لے کر ان کی نمائندگی کا دعویٰ کرنے والے ارکان قومی اسمبلی اپنا پارلیمانی کردار ادا کریں اور اہم قومی مسائل میں مناسب فورم سے اپنی رائے سامنے لائیں۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کا بائیکاٹ کر کے تحریک انصاف نے وزیر اعظم اور آرمی چیف کو یہ موقع فراہم کیا کہ وہ تحریک انصاف کا شمار انتشار پیدا کرنے والے گروہ کے طور پر کر کے، اس کے خلاف رائے ہموار کرنے کی کوشش کریں۔

قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں تحریک انصاف کی عدم موجودگی سے قومی اتحاد کی بجائے انتشار کا تاثر قوی ہوا ہے۔ اس پر مستزاد عمران خان سے منسوب بیانات سے یہی تاثر ابھارنے کی کوشش بھی کی گئی ہے۔ ایک طرف ملک کی سیاسی و عسکری قیادت ملک میں دہشت گردی کی موجودہ لہر کی ذمہ داری افغانستان سے متحرک گروہوں پر عائد کرتے ہوئے کابل حکومت سے تعاون کی مانگ رہی ہے تو دوسری طرف عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے آج اڈیالہ جیل میں بھائی سے ملاقات کے بعد بتایا ہے کہ بانی تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ 'افغانستان ہمارا دشمن نہیں ہے آپ اسے دشمن بنانے کی کوشش نہ کریں، کیوں بلاوجہ مسلمان بھائیوں سے لڑائی مول لے رہے ہیں'؟ یوں ایک طرح سے دہشت گردی کے حوالے سے اس بیانیہ کو کمزور کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو فوج اور حکومت مل کر استوار کرنا چاہتے ہیں۔ اس سے قوم میں بے یقینی پیدا ہوگی اور ملکی مفادات، عوام اور اداروں کے خلاف جنگ کرنے والے عناصر کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ البتہ عمران خان سے منسوب بیانات کی حقیقت کے بارے میں حتمی طور سے کوئی بات کہنا بھی آسان نہیں ہے۔ آج ہی عمران خان سے ملاقات کرنے والے پی ٹی آئی کے چیئرمین گوہر علی نے کہا ہے کہ آج بانی نے جعفر ایکسپریس سانحہ کی مذمت کی اور 'دہشتگردی کی نئی لہر کو ایک آواز سے' دبانے کی ضرورت پر زور دیا۔ یہ بیان علیمہ خان کی طرف سے فراہم کی گئی اشتعال انگیز معلومات سے برعکس ہے۔ تاہم اگر عمران خان دہشت گردی کے خلاف قومی اتحاد کی اہمیت کو مانتے ہیں تو انہیں اس معاملہ کو اپنی رہائی سے مشروط کر کے اپنے موقف کو کمزور اور غیر واضح نہیں کرنا چاہیے۔

اس دوران قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے اعلامیہ میں 'مضبوط اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ دہشتگردوں اور سہولت کاروں کے خاتمہ کے لیے مربوط پالیسی کی تجویز بھی دی گئی۔ اعلامیہ کے مطابق دہشت گردی کی حمایت کرنے والے کسی بھی گروہ کے خلاف موثر کارروائی کی جائے گی۔ کمیٹی نے پروپیگنڈا کرنے، بے بنیاد بیانیہ گھڑنے اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوششوں کی بھی مذمت کی۔ سوشل میڈیا پر دہشت گردی کے بیانیے کو فروغ دینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی سفارش کی گئی۔ قومی سلامتی کی پارلیمانی کمیٹی نے کہا کہ پاکستانی اداروں کو قانون نافذ کرنے اور قومی سلامتی کے معاملات میں مکمل آزادی ہونی چاہیے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے وسائل فراہم کیے جائیں'۔

البتہ کمیٹی کے اجلاس میں سب سے اہم آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی بریفنگ تھی۔ انہوں نے واضح کیا کہ 'ملک کی سلامتی سے بڑھ کر کوئی ایجنڈا، تحریک اور شخصیت نہیں ہے۔ پائیدار استحکام کے لیے قومی طاقت کے تمام عناصر کو ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنا ہوگا، یہ ہماری اور آنے والی نسلوں کی بقا کی جنگ ہے'۔ آئی ایس پی آر نے بتایا ہے کہ قومی سلامتی کمیٹی میں آرمی چیف نے کہا کہ 'پاکستان کو ایک ہارڈ سٹیٹ بنانے کی ضرورت ہے۔ ہم گورننس کے خلا کو کب تک افواج پاکستان اور شہدا کے خون سے بھرتے رہیں گے۔ ہمیں بہتر گورننس کے ساتھ پاکستان کو ایک ہارڈ سٹیٹ بنانے کی ضرورت ہے۔ ہم کب تک سافٹ سٹیٹ کی طرز پر بے پناہ جانوں کی قربانی دیتے رہیں گے'۔ انہوں نے علما سے درخواست کی کہ وہ خوارج کی طرف سے اسلام کی مسخ شدہ تشریح کا پردہ چاک کریں۔

اس بیان میں آرمی چیف نے جن جو دو پہلوؤں کا ذکر کیا ہے وہ ملک کے آئینی جمہوری نظام پر عدم اعتماد کا اظہار ہیں۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ جنرل عاصم منیر 'ہارڈ اسٹیٹ' سے کیا مراد لے رہے ہیں۔ لیکن اگر اس بیان اور اصطلاح کو عمومی تفہیم سے سمجھنے کی کوشش کی جائے تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ شہری آزادیوں کو سختی سے کچلنے اور انسانی حقوق کی پرواہ کیے بغیر ریاستی حکم نافذ کرنے کا طریقہ اختیار کیا جائے گا۔ ملک میں پہلے ہی سیاسی آزادیوں، انسانی حقوق اور میڈیا کی آزادی پر کڑی پابندیاں عائد ہیں لیکن اگر آرمی چیف کی رائے کے مطابق دہشت گردی کا خاتمہ کرنے کے لیے رہی سہی شہری آزادیوں کو بھی محدود کیا جائے گا تو پاکستان جمہوریت کی بجائے مکمل آمریت میں تبدیل ہو جائے گا۔ حیرت ہے نہ جنرل عاصم منیر نے اپنے موقف کی وضاحت کی اور نہ ہی وزیر اعظم یا دیگر سیاسی لیڈروں نے اس حوالے سے کسی پریشانی کا اظہار کیا۔ بلکہ شہباز شریف نے تو عسکری اداروں کو مزید اختیارات دینے اور فیصلے کرنے میں خود مختار کرنے کی بات کی۔

وزیر اعظم نے آرمی چیف کے بیان میں بتائے گئے دوسرے پہلو پر بھی غور کرنے یا اس پر وضاحت دینے کی کوشش نہیں کی کہ ملک میں گورننس کے مسائل کی وجہ سے فوجی جوانوں کا خون ارزاں ہوتا ہے۔ جنرل عاصم منیر پہلے بھی اس بارے میں بات کرتے رہے ہیں لیکن یہ واضح نہیں ہوسکا کہ اگر فوج موجودہ حکومت کو نااہل سمجھتی ہے تو اس کے پاس اس کا متبادل کیا ہے۔ اور کیا وجہ ہے کہ ملک میں انتخابی دھاندلی کے الزامات کا جواب تلاش کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ آرمی چیف کا بیان درحقیقت موجودہ حکومت کی کارکردگی پر فرد جرم عائد کرنے کے مترادف ہے لیکن شہباز شریف اس کمزوری کو دور کرنے کی بجائے خوشامد اور جنرل عاصم منیر کی توصیف سے یہ کمی پورا کرنا چاہتے ہیں۔ ملک بلاشبہ گورننس کے مسائل سے دوچار ہے۔ البتہ اس کی سب سے بڑی وجہ ملکی آئین کو نظر انداز کرنا ہے۔ انتخابات کے بارے میں مسلسل شبہات موجود ہیں اور ملک میں یہ رائے مستحکم ہو رہی ہے کہ موجودہ حکومت عوام نے منتخب نہیں کی بلکہ عسکری طاقت نے 'چنی' ہے۔ مرضی سے چنی ہوئی حکومت کے بارے میں فوج کے سربراہ کا عدم اطمینان ملک کے رہے سہے سیاسی استحکام کے لیے خطرے کی گھنٹی سے کم نہیں ہے۔

یہ کہنا تو مشکل ہے کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس کے بعد ملک سے دہشت گردی کی بیخ کنی ممکن ہوگی یا نہیں لیکن جنرل عاصم منیر کے انتباہ سے یہ شبہ تقویت پکڑے گا کہ ملک کسی سخت آمرانہ نظام کی طرف بڑھ رہا ہے۔ حیرت انگیز طور پر آرمی چیف اپنی 'پسندیدہ' حکومت کی نااہلی کا ذکر کرنے کے باوجود ملک کے علما سے یہ امید لگائے بیٹھے ہیں کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف فوج کے بیانیہ کو مضبوط کرنے میں معاونت کریں گے۔ آرمی چیف کو جاننا چاہیے کہ امن و امان کی بحالی اور ملک دشمن عناصر کے خلاف جنگ کی کامیابی کے لیے مخالفین کو 'دائرہ اسلام سے خارج' کرنے کے فتوؤں اور نفرت عام کرنے کی بجائے ہر شہری کو احترام اور محبت دینے کی ضرورت ہے۔

آخری اچھا مرد

اقبال دیوان

بھارت کے آنجہانی ستیش کوشک کیا کچھ نہ تھے۔ اداکار، کامیڈین، رائٹر، پروڈیوسر ڈائریکٹر اور ایک بہت نفیس انسان۔ سونے کے دل والے۔ ہماری دوست کامیا پٹیل امریکی شہری قیام نیو جرسی مگر وہاں قیام صرف گرمیوں کے چند ماہ اور میں کم مگر ناسک اور ممبئی میں زیادہ قیام زیادہ رہتا ہے، اصل میں گجراتی طلاق کی وکیل اور سائیں بابا کی بھکتن۔ ستیش کوشک کو مدر تھریسا سے زیادہ مہان اور نمبر ون مانتی ہے۔ وہ اس جھگڑے میں بھی نہیں پڑتی کہ سائیں بابا مسلمان تھے کہ ہندو۔ وہ عقیدے کو بہت Fluid، Unstructured اور کتاب سے ورے رکھتی ہے۔

سوصوفیا کے مزار پر بھی آوک جاوک رہتی ہے بستی نظام الدین دہلی کے قوال تو اس کے چرن چھوتے ہیں۔ مزارات وہاں کی قوالیاں مندروں کے بھجن، جگ رتے اس کے من بھاتے مشاغل ہیں

اسرائیل پاکستان بھارت میں ان کے خفیہ ادارے ہوں تو لمبر ون کے بہت جھگڑے رہتے ہیں وجنتی مالا ہو کہ نرگس، میرا ہو کہ ریما، راج کپور ہو کہ دلیپ کمار ان کو لمبر ون کے سنگھاسن پر بٹھانا ان کے پرستاروں کا محبوب مشغلہ ہے۔ باقی دنیا اس جھنجٹ میں نہیں پڑتی۔ دنیا کے دو مالدار ترین افراد ایلان مسک اور جیف بیزوز اگر گھانے پرکسی ہوٹل میں جائیں تو وہاں جھگڑا یہ نہیں ہوتا کہ بل کون دے گا بلکہ اصل بحث اس بات پر ہوتی ہے کہ اٹھلاتی بل کھاتی طالب علم ویٹریس کے لیے رکابی میں کتنی ٹپ چھوڑی جائے۔

کامیا پاٹل ان دنوں نیو جرسی میں تھی جب آج سے دو برس قبل ستیش کوشک کا نو مارچ کو گڑگاؤں ہریانہ میں حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال ہوا۔ گروَ اسٹریٹ نیو جرسی کے "لاری۔اڈہ" نامی ریستوراں میں کف افسوس مل کر کہنے لگی پاکستانی نہ ہوتے تو تمہارے بارے میں کچھ سوچا جاسکتا تھا مگر اب ایسا ہے دنیا کے جتنے بھی اچھے مرد ہیں وہ یا تو کسی قبرستان میں پڑے ہیں یا پھانسی کی سزا کے منتظر ہیں یا پھر GAY ہیں۔ کامیا پاٹل طلاق کی وکیل ہونے کے ناتے مردوں کو صرف دو کیٹگریز میں رکھتی ہے۔ بینڈ سم اور اکثریت۔ خود Fluid۔Gender ہے یعنی مرد ہے کہ عورت یہ موڈ اور موقع طے کرے گا یوں کبھی دل دولہا کبھی دل دلہن ہو کا ترانہ خواب گاہ بے نشاں میں ہر وقت بجتا رہتا ہے۔

ہم نے اس کی مہمانداری کا سواد لیتے ہوئے پوچھ لیا کہ اچھے مردوں کا کسی قبرستان میں دبا ہونا یا پھانسی کی سزا کا منتظر ہونا تو سمجھ میں آتا ہے مگر گے ہونا۔ وہ تیری لسٹ میں لمبر ون کیسے ہو گئے۔ کہنے لگی منیش ملہوترا کرن جوہر توری لیشن شپ میں تھے۔ (منیش بھارت کے مشہور فیشن ڈی زائینر، کرن فلم اداکار ڈائریکٹر پروڈیوسر) ہمارے ٹاپ ٹی وی ہوسٹ ششانت دیوگی کار، ہمارے ایک مشہور ناول نگار وکرم سیٹھ، اسرائیل کے مشہور مصنف یووال ہریری، سر ایلٹن جان سب سالے گے ہیں۔ ہم سے پاکستان والوں کا پوچھا تو ہم نے بتا دیا کہ ایک مولانا کا نام بہت مشہور تھا مگر عطار کے جس لونڈے سے دوائی لینے میر کا روپ دھار کر نکلے وہ سسرا ایسا قصائی نکلا کہ ان کی اولاد کو پوسٹ مارٹم کرانے کا بھی موقع نہ ملا۔

کامیا پاٹل آئس کافی پیتے ہوئے کہنے لگی یار یہ جو صوفی لوگ ہوتے ہیں یہ بہت انوکھے ہوتے ہیں مجھے لگتا ہے کہ ستیش کو شک بھی صوفی تھا۔ ہم نے کہا بھوتنی کی بھانجی۔ ایکٹر کہاں سے صوفی ہوتے ہیں۔ کامیا کہنے لگی تم پاکستانی اندھے لوگ کی طرح ہاتھی کو چھو کر جج کرنے کے عادی ہو۔ جو پارٹ ہاتھ لگا وہی تم لوگ کا حتمی سچ ہے۔ ستیش بھی صوفی تھا ملامتی صوفی، اور ہماری عالیہ بھٹ بھی صوفی ہے۔ کہتی ہے مجھے A D H D ہے یعنی (Attention deficit hyperactivity disorder) کسی چیز پر توجہ ہی نہیں دے پاتی۔ اس وجہ سے اس کا مذاق بھی بہت اڑتا ہے مگر یہ ہی تو ملامت ہے۔ وہ اس نفسیاتی عارضے کے حوالے سے High Spectrum Range میں شمار ہوتی ہے ہر وقت دم گٹکوں ہوتی ہے۔ اکثر زون۔ آؤٹ ہو جاتی ہے۔ مگر کیمرے کے سامنے وہ اپنے کردار کے حوالے سے most Present ہوتی ہے۔ لمحۂ موجود ہی اصل سچ ہے۔ کہہ رہی تھی تم لوگ کی کتاب میں بھی لکھا ہے اللہ کے دوستوں کو نہ ملال ہوتا ہے نہ خوف۔ ملال ماضی کا اور خوف مستقبل کا۔ سو عالیہ بھٹ کی طرح جو ہے۔ وہ ابھی ہے۔ اس کو مان کر جی لو۔

ہم سے پوچھنے لگی ملامتیوں کا پتہ ہے۔ ہم نے سمجھایا۔ ملامت کے حوالے سے داتا گنج بخش اپنی کتاب کشف المحجوب میں رقم طراز ہیں کہ اس کا باقاعدہ سلسلہ سیدنا شیخ ابوحمدونؒ نے وضع کیا۔ وہ کہتے تھے کہ ملامت میں سلامتی ہے۔ مخلوق سے وابستگی اور عوام میں مقبولیت اور چاہا جانا بربادی کی راہ ہے۔ جو زبان تعریف کرے گی وہی دشنام طرازی بھی کرے گی۔ خلقت شہر تو کہنے کو فسانے مانگتی ہے، ہم نے مزید کہا۔ سیدنا عثمان علی ہجویری بھی اکثر و بیشتر ملامتیوں کے نرغے میں پھنس جاتے تھے

محمود غزنوی کے پڑوسی بھی تھے اسی کے زمانے میں مرشد کے حکم پر بھاری دل سے ہجویر غزنی سے لاہور آتے تھے کہ راستے میں مخالف سمت سے آتے کچھ درویش کے حلیے میں میں مسخرے دکھائی دیے۔ گدھوں پر سوار، کابل کی طرف رواں دواں، ٹھٹھول کرتے، تربوز کھاتے۔ چھلکے ادھر ادھر راہ میں اچھالتے۔ سیدنا عثمانؒ کے دل میں خیال آیا کہ کیسے لوگ ہیں ان کی وجہ سے دین دار، صوفی منش لوگ بدنام ہیں۔ داتا جب اٹک کے قریب پہنچے تو ان میں سے ایک بزرگ ان کا منتظر تھا۔ بہت حیرت ہوئی کہ یہاں کیسے آ گیا۔ یہ تو مخالف سمت میں عازم مسافت تھا۔ علیک سلیک کے بعد کہنے لگا ہم نے کب کہا تھا کہ ہم ملامتیوں کو آپ بزرگ سمجھیں۔

ہم نے انہیں بزرگ تو نہیں مانا مگر ہمارے قدرت اللہ شہاب صاحب نے اپنی شہرہ آفاق کتاب شہاب نامہ میں 59 باب لکھے۔ اس کے تین باب جس میں ایک یعنی آخری والا ان کے اپنے وظائف اور دعائیں ہیں۔ ایک کتک اڑیسہ کی آسیب زدہ کوٹھی چارکتک روڈ کی سرکاری رہائش گاہ کی وارداتیں ہیں۔ جس کے بارے میں گورنر سرکشن پرتاب نے انہیں آگاہ کر دیا تھا۔ نقطہ توجہ یہ ہے کہ کتک اڑیسہ میں سن 1944 میں آئی سی ایس افسر ایسے طاقتور تھے کہ گورنر سے ملنا کوئی دشوار نہ تھا۔ شہاب نامہ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے مگر لوگوں کی آنکھ میں بے جا تنقید و اعتراض کا سرمہ سارا منظر دھندلا دیتا ہے اسے مقامی کلچر اور فوک لور کے رنگ میں دیکھیں تو کچھ اور بات ہے مگر یہ سوانح عمری میں لازمی ایک شک کا زیرہ ڈالتا ہے۔

ایسا ہی باب نائنٹی کے حوالے سے ہے۔ اب یہ باتیں عجیب لگتی ہیں۔ سو ملامت کا ایک طومار جاری ہو جاتا ہے گویہ کتاب سوانح عمری کے حساب سے اردو کی سب سے مقبول کتاب ہے بزرگان ملامت کا ایک اہم نام لاہور میں ایک بزرگ سید صفدر علی شاہ صاحب تھے۔ ہر وقت اچھی بری خواتین کے جھرمٹ میں رہتے تھے۔ ہمیں خود بتایا تھا کہ کوئی رخسانہ نامی طوائف تھی جس نے ان کا حال ایسے ہی لوٹ لیا تھا جیسے ایک بڑے قصوری بزرگ کا حال گم ہو گیا تھا۔ جب تک گھنگھرو پہن تھیا تھیا کر کے مرشد کو نہیں منایا قلب بے تاب و بے نشان کو قرار نہیں آیا۔ انہیں ملامت کے طور پر پیر کا کی تاڑ کہا جاتا تھا۔ یہ ایسا لفظ ہے کہ پاکستان کے ایک آدھ وزیر اعظم کو اس لقب سے پکارا جائے تو تاؤ کھا کے پیکا ایکٹ میں اندر کرا دیں گے۔

کامیا پوچھنے لگی یار تمہارے قلندری بزرگ اور ملامتی بزرگ کا کیا فرق ہے۔؟ یاد رہے کہ کامیا سے بات ستیش کوشک سے شروع ہوئی تھی۔ یہ تھریڈ آپ نے پکڑے رہنا ہے۔ ہم نے سمجھایا ہم جیسے سالکان راہ کے لیے قلندر اور ملامتی ایک ہیں۔ ملامتی سلسلہ الزام کو راہ سلوک میں فنا فی ذات اور رسائی کے لیے لازم جانتے ہیں۔ قلندر اس میں بلیک بیلٹ ہوتے ہیں وہ الزام کی طلب کو بھی راہ سلوک میں رکاوٹ مانتے ہیں۔ حصول و مقام کی طلب سے ماورا و بے نیاز ہوتے ہیں۔ وہ راہ سلوک کے مسافر تو ہوتے ہیں مگر منزل کے متلاشی نہیں۔

کہنے لگی ہمارے ستیش کوشک جی بھی ملامتی تھے۔

وہ کیسے کامیا پاٹل اور ہم اب ایک پارک کی بینچ پر آن بیٹھے تھے۔ فضا میں مارچ کی ٹھنڈی تو تھی مگر گوارا تھی۔ کہنے لگی یار تم مرد لوگ بہت اچھے ہوتے ہو۔ مرد عشق میں عموماً درویش اور سخی ہوتے ہیں بادشاہ مزاج، لالن پالن کرنے والے۔ جب ہی تو دہلی کی عورتیں کنواری بالیوں کو سمجھاتی تھیں کہ "مرد کی محبت راج کراتی ہے عورت کی محبت آنسو رلاتی ہے"

ہم نے پھر پوچھا مگر یہ ستیش کوشک کا ملامتی ہونا۔ بات بھیجے میں فٹ نہیں ہو رہی۔ ہنس کر کہنے لگی تو نے جن دو بزرگ کا نام لیا ان کے مقابلے میں ستیش جی کا اسٹائیل۔ ممکن ہے کسی چھوٹے تالاب کی مچھلی بیجا ہو۔ اب اس کی دو فلمیں تھیں مسٹر انڈیا دیوانہ مستانہ اس میں یہ چاہتا ہے۔ فون کرنے سے پہلے اگر آپ ان حضرت یا خاتون کا سٹیٹس دیکھ لیں تو بہتر رہتا ہے۔ اگر سٹیٹس افسردہ ہے تو عین ممکن ہے اگلی پارٹی کا موڈ خراب ہو۔ اگر کوئی مزاحیہ ویڈیو سٹیٹس پر لگی ہو تو سمجھ جائیں کہ آج ملنا اچھا ہو گا۔

میری رائے میں اگر سٹیٹس لگانا بہت ضروری ہے اور رات کو اس کے بغیر نیند نہیں آتی تو مختصر سٹیٹس لگانے میں کوئی حرج نہیں۔ ایسا سٹیٹس جس سے دو جملوں میں بات مکمل ہو جائے یا مختصر ویڈیو۔ یقین کریں لمبے سٹیٹس کوئی نہیں پڑھتا۔ اپنی یا اپنے بچوں کی کامیابی شیئر کریں لیکن اپنے مسائل خود تک محدود رکھیں۔ اس ضمن میں ایک انگریزی مقولہ پڑھا تھا کہ "فیس یور پرابلم، ڈونٹ فیس بک اٹ"۔

جو لوگ کچھ باتیں کسی سے نہیں کہہ پاتے وہ سٹیٹس میں کہہ دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر میاں بیوی کی لڑائی ہو جاتی ہے تو خاتون کی طرف سے عورتوں کے حقوق پر مبنی سٹیٹس فوراً سارا سوشل میڈیا گھیر لے گا جب کہ صاحب کے سٹیٹس پر "مرد کی دماغی صحت کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتا" جیسی ویڈیوز لگنی شروع ہو جائیں گی۔ دونوں سمجھتے ہیں کہ میرا سٹیٹس دیکھ کر اگلا سوری بولے گا لیکن اس کے برعکس دونوں ایک دوسرے کا سٹیٹس دیکھ کر صرف "ہونہہ" بولتے پائے جاتے ہیں۔ تو دیکھا آپ نے کہ ایسے سٹیٹس لگانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا لہٰذا اپنا "سٹیٹس" نہ گرائیں اور ایسی حرکتیں کرنے سے اجتناب فرمائیں۔

واٹس ایپ سٹیٹس کی نفسیات

خاور جمال

اگلے وقتوں میں جب آبادی کم تھی، لوگ آس پاس رہتے تھے۔ عزیز رشتہ دار زیادہ سے زیادہ کچھ کلومیٹر دور ہوتے تھے تو خوشی یا غم کی خبریں جلد ایک دوسرے تک پہنچ جاتی تھیں۔ لوگ فوراً مقررہ جگہ پر پہنچ جاتے تھے اور خوشی یا غم بانٹ لیا جاتا تھا۔ پھر وقت کے ساتھ ساتھ خط و کتابت کا سلسلہ شروع ہوا اور بات آج کے دور تک جا پہنچی جہاں ایک سیکنڈ میں کسی کو بھی کوئی خبر پہنچائی جاسکتی ہے۔

سوشل میڈیا نے تو کام اتنا آسان کر دیا ہے کہ شادی کے کارڈ بھی اب واٹس ایپ کر دیے جاتے ہیں۔ اکثر سوشل میڈیا اور رابطے کی سہولت دینے والی ایپس لوگوں کو اپنا "سٹیٹس" اپ لوڈ کرنے کی سہولت مہیا کرتی ہیں اور لوگ اسے مفت میں بٹنے والی امداد کی طرح استعمال کرتے ہیں۔ بعض اوقات کچھ منچلے تو اپنی غیر نصابی سرگرمیوں کی خبر بھی سٹیٹس پر ڈال دیتے ہیں جس کی وجہ سے مجھ جیسے شریف لوگوں کی حسرتوں میں اونچے درجے کا سیلاب آ جاتا ہے۔

سٹیٹس اپ لوڈ کرنے کا سب سے زیادہ فائدہ ان انکل اور آنٹیوں کو ہوتا ہے جو واٹس ایپ کو صبح بخیر اور سوہانجنے کے فوائد پر مبنی ویڈیوز اور میسج موبائل میں موجود ہر نمبر پر بھیجنے پر قادر ہوتے ہیں۔ رشتہ داروں کے بال بچوں پر نظر رکھنے کا اس سے بہتر طریقہ بھلا کیا ہو سکتا ہے۔ اب یہ معلوم کرنے کے لیے گھر گھر جانے کی بالکل ضرورت نہیں رہی کہ فلاں کی بیٹی کی شادی ہو گئی یا نہیں۔ فلاں کے بیٹے کی نوکری لگی کہ نہیں۔ ادھر بیٹے نے "فیلنگ لوسٹ" کا سٹیٹس لگایا نہیں کے عزیزوں کے دل کو راحت ہوئی، شکر ہے ابھی بے روزگاری چل رہا ہے۔

ایک اور فائدہ لوگوں کے حالات معلوم کرنے کا بھی ہے۔ میرے ایک دوست نے انسٹاگرام پر سٹیٹس لگایا کہ "اگر میں چپ ہوں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں ڈر گیا ہوں"۔ پس منظر میں سدھو موسے والا کا گانا چل رہا تھا جب کہ منظر میں نواز الدین صدیقی سگریٹ کا دھواں اڑا رہے تھے۔ میں نے اسے فون کیا استاد خیر ہے سب؟ کہنے لگا بس یار تیری بھابی ناراض ہو کر میکے گئی ہے۔ اس کے بھائی واپس نہیں آنے دے رہے۔ میرا شک صحیح نکلا۔

پھر اس سہولت کے زیادہ استعمال سے عوام میں ایک نفسیاتی عارضہ بھی جڑ پکڑتا جا رہا ہے جو کہ ہر کھانے سے پہلے تصاویر لینے کا ہے۔ چلیں اگر آپ فوڈ ویلاگر ہیں یا ایک میاہر شیف ہیں تو پھر سمجھ آتا ہے کہ آپ اپنی تیار کردہ تخلیق کی مختلف زاویوں سے تصاویر لے کر لوگوں کو دکھائیں لیکن ہر کھانے کی تصاویر اور ویڈیوز بنا کر سٹیٹس پر لگانا زیادتی ہے۔ کیا معلوم آپ کے سٹیک اور پاستا کا سٹیٹس دیکھ کر پتلی پتلی دال کھانے والے کے دل پر کیا گزرتی ہو۔

کسی کے گھر ملاقات کے لیے جانے سے پہلے اگر فون کر لیا جائے تو یہ اچھی بات ہوتی ہے لیکن "سٹیٹس" نے لوگوں کا یہ کام بھی آسان کر دیا ہے۔ فون کرنے سے پہلے اگر آپ ان حضرت یا خاتون کا سٹیٹس دیکھ لیں تو بہتر رہتا ہے۔ اگر سٹیٹس افسردہ ہے تو عین ممکن ہے اگلی پارٹی کا موڈ خراب ہو۔ اگر کوئی مزاحیہ ویڈیو سٹیٹس پر لگی ہو تو سمجھ جائیں کہ آج ملنا اچھا ہو گا۔

میری رائے میں اگر سٹیٹس لگانا بہت ضروری ہے اور رات کو اس کے بغیر نیند نہیں آتی تو مختصر سٹیٹس لگانے میں کوئی حرج نہیں۔ ایسا سٹیٹس جس سے دو جملوں میں بات مکمل ہو جائے یا مختصر ویڈیو۔ یقین کریں لمبے سٹیٹس کوئی نہیں پڑھتا۔ اپنی یا اپنے بچوں کی کامیابی شیئر کریں لیکن اپنے مسائل خود تک محدود رکھیں۔ اس ضمن میں ایک انگریزی مقولہ پڑھا تھا کہ "فیس یور پرابلم، ڈونٹ فیس بک اٹ"۔

جو لوگ کچھ باتیں کسی سے نہیں کہہ پاتے وہ سٹیٹس میں کہہ دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر میاں بیوی کی لڑائی ہو جاتی ہے تو خاتون کی طرف سے عورتوں کے حقوق پر مبنی سٹیٹس فوراً سارا سوشل میڈیا گھیر لے گا جب کہ صاحب کے سٹیٹس پر "مرد کی دماغی صحت کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتا" جیسی ویڈیوز لگنی شروع ہو جائیں گی۔ دونوں سمجھتے ہیں کہ میرا سٹیٹس دیکھ کر اگلا سوری بولے گا لیکن اس کے برعکس دونوں ایک دوسرے کا سٹیٹس دیکھ کر صرف "ہونہہ" بولتے پائے جاتے ہیں۔ تو دیکھا آپ نے کہ ایسے سٹیٹس لگانے سے کوئی فرق نہیں پڑتا لہٰذا اپنا "سٹیٹس" نہ گرائیں اور ایسی حرکتیں کرنے سے اجتناب فرمائیں۔

دھوتی سے جڑے مسائل قسط 1

خالد جاوید چودھری

جب مجھے گاؤں سے لا کر بورے والا کے پرائمری سکول میں داخل کیا گیا تو مجھے ایسے لگا۔ جیسے کہ آزاد پنچھی کے پر کاٹ کر اسے پنجرے میں بند کر دیا گیا ہو۔ کہاں گاؤں کی صاف، معطر، پاکیزہ اور پر لطف فضائیں اور کہاں شہر کا گھٹن زدہ اور پر تعفن ماحول کہاں گاؤں میں ہر ایک سے واقفیت، انسیت، تعلق، واسطہ اور کہاں شہر کی اجنبیت اور بیگانگی، کہاں گاؤں میں ہر چہار اطراف تا حد نگاہ پھیلے ہوئے سرسبز و شاداب کھیت، لہلہاتے درختوں کی بہار، آزاد پرندوں کی مسرت بھری اڑانیں اور کہاں شہر میں بے ہنگم سنگ و خشت کا پھیلا ہوا جنگل اور قسم قسم کی کثافتوں سے بھری پڑی فضائیں کوئی مقابلہ ہی نہیں تھا۔ سکول میں تو پھر بھی کسی نہ کسی طرح وقت کٹ ہی جاتا۔ لیکن سکول ٹائم کے بعد تو وقت جیسے ٹھہر سا جاتا۔ رہنے کے لئے عارف بازار میں





SHOWBIZ



ایمسٹرڈیم: (ایل آر) وزیراعظم ڈک شوف، عمان کے سلطان ہیثم بن طارق، نیدرلینڈ کے بادشاہ ولیم الیگزینڈر اور نیدرلینڈز کی ملکہ میکسیما نے نیدرلینڈ کے سرکاری دورے پارک کا دورہ کررہے ہیں

ادا کارہ انوشے اشرف کا اپنی شادی پر زبردست رقص

انوشے اشرف اوران کے شوہر شہاب رضا مرزا کی شادی کی تقریبات بھرپور انداز میں جاری ہیں



استنبول (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی باہمت، باصلاحیت اور اسٹائلش وی جے و اداکارہ انوشے اشرف نے اپنی شادی میں ایسا رقص کیا کہ ہر طرف واہ واہ ہو گئی۔ استنبول کی رومانوی فضا میں انوشے نے ''اوکھنا'' پر ایسا جاندار رقص ڈالا کہ سوشل میڈیا پر ہر کوئی دیوانہ ہو گیا۔ ترکی کے شہر استنبول میں، انوشے اشرف اوران کے شوہر شہاب رضا مرزا کی شادی کی تقریبات بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ اور سب سے زیادہ توجہ انوشے کے ایک رقص نے حاصل کی جس میں وہ مشہور بالی وڈ گانے اوکھنا پر جھومتی نظر آئیں۔ انوشے نے ہلکے سبز اور گلابی لہنگا چولی میں ایسا اسٹائل دکھایا کہ ہر کوئی دیکھتا ہی رہ گیا۔ اسٹیج پر ان کی انٹری، چہرے پر محبت بھری مسکراہٹ سب کچھ کسی فلمی سین سے کم نہیں تھا۔

بڑی اولاد ہونے کا بوجھ زیادہ ہوتا ہے، اداکارہ سونیا حسین



کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹی وی اور فلم انڈسٹری میں اپنا نام بنانے والی اداکارہ سونیا حسین نے اپنے گھریلو زندگی سے متعلق ایک نیا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ سونیا حسین نے ایک انٹرویو میں ذاتی زندگی کے حوالے سے بتایا کہ سب کی زندگی میں کچھ نا کچھ آزمائش ہوتی ہے، کوئی اولاد سے کوئی دولت سے تو کوئی رشتوں سے آزمایا جارہا ہوتا ہے، زندگی صرف انسٹاگرام پر ہی اچھی لگ رہی ہوتی ہے، ایسا نہیں ہے صرف میری زندگی میں ہی مشکلات آئی ہیں، یہ اس لیے ہوتا ہے تاکہ ہم حالات میں ڈھل سکیں۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے کبھی بھی زیادہ پیسوں یا کامیابی کا شوق نہیں تھا، جو چیز مجھے توڑ سکتی تھی وہ جذبات تھے۔ سونیا نے لوگوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ معاف کرنا بہت مشکل کام ہوتا ہے لیکن جب آپ خود کو دوسرے کی جگہ رکھ کر دیکھیں گے تو پھر معاف کرنا آسان ہوجاتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ گھر میں بڑا ہونے کی وجہ سے آپ کو بہت سی چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، بڑی اولاد ہونے کا آپ پر بوجھ زیادہ ہوتا ہے، فیملی کو ساتھ لے کر چلنا پڑتا ہے جس کیلئے آپ کو عمر سے پہلے بڑا بننا پڑتا ہے۔

کشور کمار مدھوبالا کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے، بہن کے ہوشربا انکشافات

ممبئی (این این آئی) بھارت کی سابق خوبرو اداکارہ مدھوبالا کی بہن نے انکشاف کیا کہ کشور کمار میری بیمار بہن کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے۔ بھارتی اداکارہ مادھوبالا کی بہن مدھر بھوشن نے حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ کشور کمار بہن کو لندن علاج کے لئے لے کر گئے لیکن ڈاکٹروں نے جواب دے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشور کمار بہن کو اپنے ساتھ لے جانے کے بجائے ہمارے گھر چھوڑ گئے اور کہا کہ میں کئی پروجیکٹس میں پھنسا ہوا ہوں اور بہت مصروف ہوں اس لئے دیکھ بھال نہیں کرسکتا۔ مدھر بھوشن نے مزید بتایا کہ کشور کمار نے مدھوبالا کے لیے ممبئی کے کارٹر روڈ پر ایک فلیٹ خریدا جس میں وہ اکیلی ہی رہتی تھیں، کشور کمار مہینوں بعد آتے تھے، مدھر بھوشن نے کہا کہ کشور کمار میری بہن کو کہا کرتے تھے اگر میں روز آؤں گا تو تم مجھے دیکھ کر روگی اور اس طرح دل پر اثر پڑے گا۔ مدھر بھوشن کے مطابق مدھوبالا کو ڈاکٹروں نے صرف دو سال دیئے تھے، لیکن ان کی حیران کن قوتِ ارادی نے انہیں نو سال تک زندہ رکھا، وہ آخر کار 1969 میں محض 36 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔

فلم ''کافر'' میں ریپ سین کے بعد کیپکپاہٹ کا شکار ہوگئی تھی، دیا مرزا

ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ دیا مرزا نے حال ہی میں ریلیز ہونے والی اپنی فلم ''کافر'' کے ایک نہایت ناپسندیدہ سین سے متعلق سنسنی خیز انکشاف کیا ہے۔ بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے بھارتی میڈیا کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ویب سیریز میں ریپ سین نے انہیں اس قدر جذباتی اور جسمانی طور پر متاثر کیا کہ وہ کانپنے لگیں اور الٹی کر بیٹھی تھیں۔ دیا مرزا نے مزید بتایا کہ ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے جو کردار ادا کرنے والے پر حقیقی اثر چھوڑتا ہے، ایک فنکار کے لئے سب سے اہم چیز کردار سے ہمدردی ہے جو مجھے فلم میں اپنے کردار سے ہوگئی تھی۔ واضح رہے کہ فلم کافر دراصل 2019 میں پیش کی گئی ایک ویب سیریز ہے جو ایک پاکستانی خاتون شہناز پروین کی سچی کہانی پر مبنی ہے جو غلطی سے لائن آف کنٹرول عبور کر کے بھارت میں داخل ہوئی۔ آزاد کشمیر کی خاتون پر بھارتی فوج نے عسکریت پسند ہونے کا الزام عائد کر کے 8 سال تک جیل میں قید رکھا تھا اور وہیں انہوں نے ایک بچی کو بھی جنم دیا تھا۔ شہناز پروین کی سٹوری ایک بھارتی صحافی کو معلوم ہوئی جس نے بے گناہ خاتون کا معاملہ اٹھایا اور انصاف کے لیے طویل جدوجہد کی جس کے نتیجے میں رہائی نصیب ہوئی۔

ہالی وڈ اداکارہ کیٹ بلانچیٹ کا اداکاری کو خیرباد کہنے کا اعلان



میں اداکاری کو چھوڑنے کے لیے سنجیدہ ہوں، ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو میں زندگی میں کرنا چاہتی ہوں

نیویارک (این این آئی) ہالی وڈ کی معروف اداکارہ کیٹ بلانچیٹ نے کہا ہے کہ انہوں نے زندگی میں دیگر چیزوں کے لیے اداکاری کو خیرباد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے عندیہ دیا کہ وہ خود کو اداکارہ کہنے سے ہچکچاتی ہیں کیونکہ میں نے اداکاری کو خیرباد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں جب بھی ایسا کہتی ہوں تو ہر بار میرے گھر والے اپنی آنکھیں گھماتے ہیں، مگر میں اداکاری کو چھوڑنے کے لیے سنجیدہ ہوں، ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو میں زندگی میں کرنا چاہتی ہوں۔ ان کی حالیہ فلم بلیگ بیگ مارچ 2025 میں ریلیز ہوئی تھی۔ اپنے کیریئر میں وہ 2 آسکر ایوارڈز جیت چکی ہیں۔ 2024 میں فلم بلیو جیسمین میں کام کرنے پر انہیں بہترین اداکارہ جبکہ 2005 میں دی ایویٹر کے لیے بہترین معاون اداکارہ کا آسکر ایوارڈ دیا گیا تھا۔ حال ہی میں انہوں نے اپنی نئی فلم قادر، مدر، سسٹر، برادر کی شوٹنگ مکمل کی ہے جو 2025 میں کسی وقت ریلیز کی جائے گی۔ اسی طرح وہ کئی دیگر فلموں میں بھی کام کررہی ہیں۔ اداکاری کے لیے بہت زیادہ متحرک ہونے کے باوجود کیٹ بلانچیٹ نے انٹرویو کے دوران کہا کہ وہ ایک معروف اداکارہ کی پوزیشن پر اطمینان محسوس نہیں کرتیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہمیشہ ایسا لگتا ہے کہ چیزوں نے مجھے گھیر رکھا ہے، تو میں ہمیشہ حیران ہوتی ہوں کہ کیا میں واقعی اس ماحول کا حصہ ہوں یا نہیں، میں نے اپنی زندگی اس کام سے مطمئن ہونے کے لیے گزاردی مگر اب بھی اطمینان محسوس نہیں کرتی۔ ان کا کہنا تھا کہ میرے لیے اپنی ذات سے زیادہ کوئی اور چیز اہم نہیں، میں دیگر افراد کو زیادہ دلچسپ محسوس کرتی ہوں، جبکہ خود کو کند ذہن تصور کرتی ہوں۔

فواد خان فلم ''عبیر گلال'' کے اتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار

فلم 9 مئی کو ریلیز ہوگی جس میں فواد خان اداکارہ وانی کپور کے ساتھ رومانوی کردار میں دکھائی دیں گے



ممبئی (این این آئی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ سپر اسٹار اداکار فواد خان فلم عبیر گلال کے ساتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ اداکار نے 9 برس کے بعد واپسی کے ساتھ ہی اپنا معاوضہ 3 گنا بڑھا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم عبیر گلال 9 مئی کو ریلیز ہوگی جس میں فواد خان اداکارہ وانی کپور کے ساتھ رومانوی کردار میں دکھائی دیں گے۔ بھارتی ہندو انتہا پسندوں کی دھمکیوں کے باوجود فلم کے ٹیزر کے بعد پہلا رومانوی گانا عشق خدایا بھی ریلیز ہوگیا ہے جسے ارجیت سنگھ اور شلپا راؤ کی آواز میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس فلم کی ریلیز کے حوالے سے موصول ہونے والی دھمکیوں کے باوجود بالی ووڈ اسٹارز پاکستانی فنکاروں کی حمایت میں اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں ایسے میں فواد خان کے فلم کے لیے وصول کیے جانے والے معاوضے سے متعلق بھی خبریں گردش کررہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فواد خان نے اپنی مقبولیت کو مدنظر رکھتے ہوئے بالی ووڈ میں 9 برس بعد واپسی کے ساتھ ہی اپنا معاوضہ 3 گنا بڑھا دیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فواد خان پاکستانی ڈراموں میں فی قسط 15 سے 20 لاکھ روپے تک وصول کرتے ہیں جبکہ فلم کا معاوضہ عام طور پر 2 کروڑ روپے تک وصول کرتے رہے ہیں۔ میڈیا ذرائع کے مطابق فواد خان مبینہ طور پر عبیر گلال میں اپنے کردار کے لیے 50 سے 100 ملین یعنی 5 سے 10 کروڑ روپے بطور معاوضہ لے رہے ہیں، اس کے مقابلے میں ان کی ساتھی اداکارہ وانی کپور مبینہ طور پر اس فلم کے لیے تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے وصول کررہی ہیں۔ واضح رہے کہ فلم عبیر گلال کی مرکزی کاسٹ کے معاوضے سے متعلق زیرِ گردش خبروں پر فلم کی ٹیم کی جانب سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا اور نہ ہی دونوں اداکاروں نے اس کی تردید یا تصدیق کی ہے۔ عبیر گلال کی ہدایت کاری کے فرائض آرتی ایس بگدی نے انجام دیے ہیں اور اس کی شوٹنگ لندن کے دلکش پس منظر میں کی گئی ہے۔



نیویارک: ٹریبیکا اسکریننگ روم میں "دی کارٹرز" کی اسکریننگ میں شرکت کررہے ہیں





میں نے اپنے وزن میں اضافہ ایک کریکٹر کی ڈیمانڈ کے مطابق کیا، اداکارہ کومل میر

جب میں دبلی پتلی تھی تو سب مجھے اس وجہ سے ٹرول کرتے تھے



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ کومل میر نے وزن میں اضافے کے سبب ہونے والی ٹرالنگ پر ردعمل دیتے ہوئے وزن بڑھانے کی وجہ بھی بتادی۔ کومل میر نے ماڈلنگ کے ذریعے شوبز کی دنیا میں قدم رکھا اور سب سے پہلے ریکنٹی موڈ مس ویٹ پاکستان'' میں حصہ لیتی نظر آئیں، اگرچہ وہ یہ مقابلہ جیتنے میں ناکام رہیں لیکن ان کی خوبصورتی اور ٹیلنٹ سب کی نظروں میں آگیا۔ ماڈلنگ میں کریئر بنانے کا سفر طے کرنے والی کومل میر کو اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے کی پیشکش ہوئی تو انہوں نے منع نہ کیا اور اپنے اس ہیڈن ٹیلنٹ کو ٹی وی اسکرینز پر لانے کیلئے معروف ہوگئیں۔ ان کے مشہور ڈراموں میں ''عہد وفا''، ''ریشم گلی کی حسنہ''، ''وفا بے مول''، ''بادشاہ سلیم''، ''قلندر''، ''راہِ جنون'' اور ''تیرے آنے سے'' شامل ہیں۔ کومل میر اپنے جسمانی تغیرات کے باعث خبروں میں ہیں۔ ان پر الزام لگایا جارہا ہے کہ انہوں نے مصنوعی ذرائع سے وزن بڑھایا ہے

انوشکا شرما اور ویرات کوہلی کا دبئی میں ڈانس وائرل

انوشکا شرما نے فی الحال شوبز سے کچھ فاصلہ اختیار کیا ہوا ہے



دبئی (این این آئی) انوشکا شرما اور ویرات کوہلی کی دبئی میں ڈانس کرتے ہوئے ویڈیو وائرل ہوگئی۔ شوبز اور کھیلوں کی دنیا کے سب سے خوبصورت اور پسندیدہ جوڑوں میں سے ایک، انوشکا شرما اور ویرات کوہلی ایک بار پھر سرخیوں میں ہیں، یہ جوڑا اپنی اسٹائلش عوامی تقریبات، دلکش پوسٹس اور خوشگوار چھٹیوں کے ذریعے مداحوں کے دل جیتتا رہتا ہے۔ حال ہی میں انوشکا اور ویرات کی ایک ویڈیو انٹرنیٹ پر تیزی سے وائرل ہورہی ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ ویڈیو دبئی میں ایک شوٹ کے دوران بنائی گئی ہے، جس میں دونوں کو ایک گروپ آف ڈانسرز کے ساتھ رقص کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ ویڈیو میں جہاں سب لوگ خوشی سے جھومتے دکھائی دے رہے ہیں، وہیں

مداح کی سیلفی کی خواہش، پریتی کے جواب نے دل جیت لیے

ویڈیو میں پریتی زنٹا میدان میں مداحوں کو ٹی شرٹس اچھالتے ہوئے نظر آئیں



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زینٹا نے حال ہی میں ایک مداح کے دل کو چھو لینے والے پیغام کا محبت بھرے انداز میں جواب دے دیا جس نے پرستاروں کے دل جیت لیے۔ ایک مداح نے سوشل میڈیا پر ویڈیو شیئر کی جس میں وہ آئی پی ایل میچ کے دوران پریتی زینٹا کو دیکھ کر مسکرا رہا ہے اور ان سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کررہا ہے۔ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ویڈیو میں آدھے کو پریتی کو دور سے دیکھتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو میں الفاظ لکھے تھے، تمام مداح ٹی شرٹ چاہتے ہیں۔ اس کے بعد وہ پریتی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتا ہے، لیکن میں تو بس انہیں سراہتا ہوں۔ ویڈیو میں پریتی زنٹا میدان میں مداحوں کو ٹی شرٹس اچھالتے ہوئے نظر آئیں۔ پریتی، جو

مسلسل شکستوں سے عاقب جاوید کی رخصتی کا پروانہ جاری، نئے ہیڈ کوچ کی تلاش کیلئے اشتہار آگیا

عاقب جاوید اب ہیڈ کوچ بننے میں دلچسپی نہیں رکھتے تاہم ہائی پرفارمنس ڈائریکٹر بننا چاہتے ہیں، ذرائع



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے مسلسل شکستوں اور قومی ٹیم کی ناقص پرفارمنس کو دیکھتے ہوئے نئے ہیڈ کوچ کی تلاش کیلئے اشتہار دیدیا۔ بورڈ کی جانب سے اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب عبوری ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں سنبھالنے والے عاقب جاوید کی سربراہی میں گرین شرٹس کو مسلسل شکستیں دیکھنا پڑیں۔ عاقب جاوید کے دور میں پاکستان ہوم گراؤنڈ پر ہونیوالی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے پہلے راؤنڈ سے باہر ہوا جبکہ دورہ نیوزی لینڈ میں انہیں بدترین شکست ہوئی، 7 میچز کے ٹور میں قومی ٹیم محض ایک فتح حاصل کرسکی۔ قبل ازیں سابق ہیڈ کوچ گیری کرسٹن اور جیسن گلیسپی جیسے تجربہ کار کوچز کو بھی گزشتہ سال محض چند ماہ ذمہ داریاں پوری کرکے جبری طور پر رخصت کردیے گئے تھے۔ ادھر بورڈ کی جانب سے ہیڈ کوچ کیلئے جاری کردہ اشتہار میں لیول 3 کوچنگ سرٹیفکیٹ اور 10 سال کا تجربہ مانگا ہے۔

کراچی کنگز کو اب یہاں سے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا، کامران اکمل

جب جیتتے ہیں تو بُری سے بُری ٹیم بھی اچھی لگتی، ہارتے تو اچھی سے اچھی ٹیم بھی بُری لگنا شروع ہوجاتی ہے، انٹرویو



کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق کرکٹر کامران اکمل نے کراچی کنگز کی پرفارمنس کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اب ٹیم کو پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا چاہیے۔ ایک پروگرام میں تجزیہ کرتے ہوئے سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل کا کہنا تھا کہ یہ پرفارمنس اچھا اشارہ ہے کراچی کیلئے اب یہاں سے کراچی کنگز کو پیچھے مڑ کر دیکھنا نہیں ہے، پچھلے میچ میں جیسی ٹیم کھلائی گئی اور عامر جمال کو شامل کیا گیا ٹیم کی بولنگ بھی شاندار رہی۔ کامران اکمل نے کہا کہ اچھا اشارہ ہے کراچی کیلئے اب یہاں سے کراچی کو پیچھے مڑ کر دیکھنا نہیں ہے، پچھلے میچ میں جیسی ٹیم کھلائی گئی اور عامر جمال کو شامل کیا گیا ٹیم کی بولنگ بھی شاندار رہی۔ انھوں نے کہا کہ جب جیتتے ہیں تو بُری سے بُری ٹیم بھی اچھی لگنے لگتی ہے اور جب ہارتے ہیں تو اچھی سے اچھی ٹیم بھی بُری لگنا شروع ہوجاتی ہے اور ٹیم میں کافی اختلافات شروع ہوجاتے ہیں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ کل کا میچ سے پہلے ہی ہم کہہ رہے تھے کہ میر حمزہ آپ کے پاس ہیں اسے کھلائیں، محمد نبی کو کھلائیں اور انھوں نے کیا

قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان حسن علی اور صاحبزادہ فرحان کی کارکردگی سے متاثر

ٹورنامنٹ کا آغاز ہے، سات آٹھ میچز ہوجائیں پھر اندازہ ہوگا کہ کون سا پلیئر تسلسل سے پرفارم کررہا ہے، سلمان علی آغا

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیم اسلام آباد یونائیٹڈ میں شامل پاکستان ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے پاکستان سپر لیگ 10 میں حسن علی اور صاحبزادہ فرحان کی کارکردگی پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے عندیہ دیا ہے کہ دونوں پلیئرز کو مستقبل میں قومی ٹیم میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ کراچی میں ایک خصوصی انٹرویو میں سلمان علی آغا نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ میں ان کی کوشش ہے کہ اسلام آباد یونائیٹڈ کی جانب سے پرفارم کرنے اور اپنی ٹیم کو جتوانے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہوگی کہ وہ ان کھلاڑیوں پر نظر رکھیں جو مستقبل میں پاکستان ٹیم کے لیے کارآمد ہوسکتے ہیں۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ جن پلیئرز کو آگے پاکستان سے کھیلنا ہے یا جن کو مجھے لیڈ کرنا ہے وہ ان کی فارم اور فٹنس پر نظر رکھیں گے۔ انہوں نے براہ راست کسی نوجوان پلیئر کا نام تو نہیں لیا

راولپنڈی میں کراؤڈ نے ہمارے خلاف نعرے لگائے'' شائے ہوپ

محمد رضوان نے ہمیشہ اپنے چہرے پر مسکان رکھی ہے، ان کی وجہ سے ڈریسنگ روم میں مثبت ماحول رہتا ہے'' گفتگو



راولپنڈی (این این آئی) ملتان سلطانز کے غیر ملکی کھلاڑی شائے ہوپ کا کہنا ہے کہ راولپنڈی میں کراؤڈ نے ہمارے خلاف نعرے لگائے، راولپنڈی میں کراؤڈ ہمارے حق میں نہیں تھا لیکن ملتان میں اُمید ہے کراؤڈ آئے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمد رضوان نے ہمیشہ اپنے چہرے پر مسکان رکھی ہے، ان کی وجہ سے ڈریسنگ روم میں مثبت ماحول رہتا ہے۔ شائے ہوپ کا کہنا ہے کہ ماضی کی پرفارمنس کو بھول کر بقیہ پی ایس ایل کو دیکھنا ہے، ملتان سلطانز ابھی بھی ٹورنامنٹ میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہم مواقع پر پرفارمنس دینے کی ضرورت ہے جس سے جیت مل جاتی ہے، ملتان سلطانز بقیہ میچز جیتنے کی کوشش کرے گی۔ ان کا کہنا ہے کہ راولپنڈی کی پچ 200 رنز کی نہیں تھی، پشاور زلمی نے بہترین بیٹنگ کی، پشاور زلمی نے ویسی بیٹنگ کی جیسے ہمیں کرنی چاہیے تھی۔ شائے ہوپ نے یہ بھی کہا کہ ٹام کوہلر کیڈمور اور محمد حارث نے شاندار بیٹنگ کی، علی رضا باصلاحیت بولر ہیں، مستقبل میں پاکستان کے لیے اہم ثابت ہوں گے۔

روشی روٹیلا کی مندر سے متعلق بیان پر وضاحت، قانونی کارروائی کی دھمکی

اداکارہ نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مندر ان کا ''اپنا'' ہے یا انہوں نے اسے ملکیت کے طور پر پیش کیا

ممبئی (این این آئی) اپنے نام پر مندر بنائے جانے کے بیان پر اروشی روٹیلا تنازع کا شکار ہوگئیں جس پر اب اداکارہ کی وضاحت بھی سامنے آگئی۔ بھارتی اداکارہ و رقاصہ اروشی روٹیلا حال ہی میں اس وقت تنازع کا شکار ہوگئیں جب انہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ ریاست اتراکھنڈ میں بدری ناتھ مندر کے قریب ان کے نام پر ایک مندر قائم ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے جنوبی بھارت میں بھی اسی طرح کا مندر بنانے کی یہ کہتے ہوئے خواہش ظاہر کی کہ انہوں نے اس خطے میں کافی فلمیں کی ہیں۔ اس بیان نے ایک تنازع کھڑا کردیا اور بدری ناتھ کے پنڈتوں اور مقامی افراد نے سخت ناراضی کا اظہار کیا۔ تاہم اب اروشی روٹیلا کی ٹیم نے اس پورے معاملے پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ اداکارہ نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مندر ان کا ''اپنا'' ہے یا انہوں نے اسے ملکیت کے طور پر پیش کیا ہے۔ براہِ کرم مکمل ویڈیو سنیں اور پھر رائے قائم کریں۔ اروشی کی ٹیم نے واضح کیا کہ جو افراد ان کے بیانات کو غلط انداز میں پیش کررہے ہیں، ان کے خلاف قانونی ایکشن لیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے معاشرے میں باہمی عزت اور شائستہ گفتگو کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اور مندر سن کر یہ فرض کرلیتے ہیں کہ لوگ ان کی پوجا کررہے ہیں۔ براہِ کرم مکمل ویڈیو سنیں اور پھر رائے قائم کریں۔ اروشی کی ٹیم نے واضح کیا کہ جو افراد ان کے بیانات کو غلط انداز میں پیش کررہے ہیں، ان کے خلاف قانونی ایکشن لیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے معاشرے میں باہمی عزت اور شائستہ گفتگو کی اہمیت پر بھی زور دیا۔

فلم انڈسٹری میں میری کوئی قریبی دوست نہیں، اداکارہ نین تارا

میں انڈسٹری میں صرف پیشہ ورانہ تعلق رکھتی ہوں، ذاتی تعلق صرف ان لوگوں سے ہے، جنہیں میں اچھے سے جانتی ہوں



ممبئی (این این آئی) 40 سالہ نین تارا 22 سال سے فلم انڈسٹری میں ہیں، وہ ساؤتھ کے ساتھ ساتھ بالی ووڈ کی بھی قابل اعتماد اداکارہ ہیں۔ انہوں نے ساؤتھ میں رجنی کانت جیسے بڑے سپر اسٹار کے ساتھ بھی پرفارمنس دی ہے، دوسری طرف انہوں نے بالی ووڈ میں شاہ رخ خان کے مقابل فلم جوان میں اداکاری کے جوہر دکھائے اور مداحوں سے خوب داد سمیٹی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر نین تارا کا ایک پرانا انٹرویو ایک بار پھر وائرل ہوا ہے، جس میں انہوں نے بتایا کہ فلم انڈسٹری میں ان کا کوئی قریبی دوست نہیں ہے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں انڈسٹری میں صرف پیشہ ورانہ تعلق رکھتی ہوں، ذاتی تعلق صرف ان لوگوں سے ہے، جنہیں میں اچھے سے جانتی ہوں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میری زندگی میں دوستی کی بڑی اہمیت ہے، صرف 2 یا 3 لوگ ہیں جو مجھے واقعی جانتے ہیں، انہیں ہی میں اپنا سچا دوست کہہ سکتی ہوں۔ نین تارا کا کہنا تھا کہ یہ ایسے دوست ہے اگر مجھے کبھی کسی چیز کی ضرورت پڑی تو یہ لوگ فوراً وہاں موجود ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں گہری دوستیاں بنانا اور برقرار رکھنا مشکل عمل ہے، دراصل ہر فلم کے ساتھ لوگ بدل جاتے ہیں، شوٹنگ کے بعد ہماری ملاقات کبھی کبھار ہی تقریبات میں ہوتی ہے۔ اداکارہ نے فلم انڈسٹری میں مقابلے کے ماحول سے متعلق کہا کہ تمام ہی انڈسٹریز میں مقابلے کا ماحول ہوتا ہے

شہریار منور اور ماہین صدیقی کی تھائی لینڈ سے سیر سپاٹوں کی ویڈیو وائرل

وائرل ویڈیو میں اس جوڑے کو خوبصورت ساحلوں سے لطف اندوز ہوتے بھی دیکھا جاسکتا ہے



کراچی (این این آئی) چند ماہ قبل شادی کے بندھن میں بندھنے والی پاکستانی فنکاروں کی خوبرو جوڑی اداکار شہریار منور اور اداکارہ ماہین صدیقی نے اپنے ہنی مون کی خوبصورت ویڈیو شیئر کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر فنکار جوڑی نے مشترکہ پوسٹ شیئر کی ہے جس میں اس جوڑی کو مختلف مہم جو سرگرمیاں کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ویڈیو میں اس جوڑی کو تھائی لینڈ کے سیر سپاٹے کرتے دیکھا جا سکتا ہے، دونوں اس موقع پر خوش وخرم انداز میں دکھائی دیے۔ سیر سپاٹوں کے دوران انہوں نے مہم جوئی بھی سرانجام دی جس میں زپ لائننگ اور بائیک رائڈنگ نے سب کی توجہ حاصل کر لی۔ وائرل ویڈیو میں اس جوڑے کو خوبصورت ساحلوں سے لطف اندوز ہوتے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں مختلف خلاف ورزیوں پر کارروائیاں

غیر قانونی کمرشلائزیشن، ناجائز تعمیرات وتجاوزات اور واجبات کی عدم ادائیگی کی قانون شکنی شامل



فیصل آباد(مسعود احمد بھٹہ)ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے گزشتہ پندرہ روز میں ایف ڈی اے کے زیر کنٹرول رہائشی کالونیوں اور کمرشل مارکیٹس میں مختلف خلاف ورزیوں پر چودہ مجموعی کارروائیاں کی ہیں جن میں غیر قانونی کمرشلائزیشن، ناجائز تعمیرات وتجاوزات اور واجبات کے عدم ادائیگی کی قانون شکنی شامل ہے تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء سحن اور ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ جنید حسن منج کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر فاران صدیق ہاشمی کی سرپرستی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم تجاوزات، بلڈنگ بائی لاز، اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں کو چیک کرنے کے لئے سرگرم عمل ہے جس نے مذکورہ دنوں میں بھاری مشینری کے ذریعے گلشن کالونی اور گلبرگ میں پختہ تجاوزات کو مسمار کر کے عوامی راستوں کو کلیئر کیا جبکہ علامہ اقبال کالونی، مدینہ ٹاؤن، ستیانہ روڈ، گلفشاں کالونی، ناظم آباد، ڈوگر بستی اور نئی آبادی عثمان آباد میں غیر قانونی کمرشلائزیشن و واجبات کی عدم ادائیگی پر جائیداد وں کو سیل کیا گیا اسی طرح احمد نگر میں ناجائز تعمیرات اور بقایا جات ادا نہ کرنے پر ایک ہاؤسنگ سکیم واقع کینال روڈ کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ غیر قانونی کمرشلائزیشن، تجاوزات اور ناجائز تعمیرات سے اجتناب کیا جائے بصورت دیگر قانون شکنی پر جائیدادوں کو سربمہر، تجاوزات اور ناجائز تعمیرات کو مسمار کیا جا رہا ہے جبکہ مسلسل خلاف ورزیوں پر قصورواروں کے فوجداری مقدمات کے اندراج کے علاوہ چالان بھی پیشل جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے۔ رانا محمد عرفان

مثبت فکر وعمل کے احباب کیساتھ آپکی شخصیت مثبت رہتی ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معروف فکری شخصیت و سیالکوٹ سوئیٹس اینڈ بیکرز کی روح رواں رانا محمد عرفان نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ زندگی میں ہمارے اردگرد موجود لوگوں کا ہماری سوچ، مزاج، اور ترقی پر بہت گہرا اثر ہوتا ہے۔ اگر آپ ایسے لوگوں کے ساتھ وقت گزارتے ہیں جو صرف دوسروں کی برائیاں کرتے ہیں، چغلیاں کرتے ہیں یا منفی سوچ رکھتے ہیں، تو رفتہ رفتہ آپ کی سوچ بھی اسی رنگ میں رنگی جائے گی۔ لیکن اگر آپ خود کو ایسے لوگوں کے ساتھ رکھیں جو ترقی کی بات کرتے ہیں، جو نئے خیالات بانٹتے ہیں جو حوصلہ افزائی کرتے ہیں، اور آپ کو آگے بڑھنے کی طرف راغب کرتے ہیں تو آپ کی زندگی بھی مثبت سمت میں بدلنے لگتی ہے۔ وقت قیمتی ہے، اُسے ان لوگوں پر خرچ کرو جو آپ کو اوپر اٹھاتے ہیں، نیچے نہیں گراتے۔ زندگی کی حقیقت جیسے لوگ آپ کے ارد گرد ہوں گے، ویسا ہی آپ بنتے چلے جائیں گے۔ اس لیے اچھے اور مثبت لوگوں کو اپنا دائرہ بناؤ۔

مصور پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کی 87ویں برسی پر جنرل سیکرٹری ایمرا پریس کلب کا پیغام

ہمارے معاشرتی حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ قوم ایک مرتبہ پھر اقبال کے فلسفے کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) جنرل سیکرٹری ایمرا پریس کلب ننکانہ رپوٹر GTV نیوز ننکانہ طارق علی رانا نے علامہ اقبال کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے مسلمانان برصغیر میں آزادی کی اہمیت کا احساس جگایا، اقبال صرف شاعر ہی نہیں ایک اہل بصیرت رہنما بھی تھے، علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے علیحدہ مملکت کا تصور پیش کیا ہمیں ان کے فلسفے کو اپناتے ہوئے قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے معاشرتی حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ قوم ایک مرتبہ پھر اقبال کے فلسفے کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔ طارق علی رانا کا مزید کہنا تھا کہ علامہ اقبال کا خودی کا فلسفہ تمام افکار کا نچوڑ ہے جس پر عمل کر کے مسلمان دنیا میں اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کر سکتے ہیں۔

تعلیم ہر انسان کی بنیادی ضرورت میں سے ایک ہے: چیئرمین لقمان علی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) دی اپور گرین اکیڈمی اینڈ کالج کے چیئرمین لقمان علی مغل نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ تعلیم ہر انسان چاہے وہ آمیر ہو یا غریب، مرد ہو یا عورت کی بنیادی ضرورت میں سے ایک ہے یہ انسان کا حق ہے جو کوئی اس سے نہیں چھین سکتا اگر دیکھا جائے تو انسان اور حیوان میں بنیادی فرق تعلیم ہی کی بدولت ہے۔ تعلیم کسی بھی قوم یا معاشرے کے لئے ترقی کی ضامن ہے یہی تعلیم قوموں کی ترقی اور زوال کی وجہ بنتی ہے۔ اسلام میں تعلیم حاصل کرنا ہر صورت فرض کیا گیا ہے۔ آج کے اس پرآشوب اور تیز رفتار دور میں تعلیم کا حصول بہت اہمیت کا حامل ہے۔ آج کا دور سائنس، ایجی اور صنعتی ترقی کا دور ہے تعلیمی اداروں میں بنیادی مذہبی اور عصری تقاضوں سے ہم آہنگ طریقہ تدریس اپنانا ہوگا۔

ضلع چنیوٹ میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگئی

مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 2لاکھ 97ہزار 122بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع چنیوٹ میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگئی۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 2لاکھ 97ہزار 122بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے جس کے لئے مجموعی طور پر 1467ٹیمیں ماموریں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو سے پاک پنجاب ترجیح اور پولیو کے دو قطرے ہر بچہ ہر بار بچوں کے صحت مند مستقبل کے ضامن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بار بار مہم کو دہرانے کا مقصد اس وائرس کا یکسر خاتمہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچے پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں اور گھر آنے والی پولیو ٹیموں سے تعاون کریں۔ انہوں نے ہیلتھ اتھارٹی کے افسران سے کہا کہ مانیٹرو پلان پر ذمہ داری سے عمل کیا جائے اور سابقہ تجربات کو مدنظر رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مہم کی دوہری مانیٹرنگ کی جائے گی اس ضمن میں غفلت یا لاپروائی کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے بس اڈوں، ریلوے اسٹیشن، پارکس، موٹر وے انٹرچینجز سمیت دیگر فلکڈ پوائنٹس پر ٹیموں کی موجودگی کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا یونین کونسل 39 اور لاری اڈہ کے ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا، پر پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا،

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا یونین کونسل 39 اور لاری اڈہ کے ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا، اس موقع پر محکمہ ہیلتھ کے افسران اور ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر احمد حسن بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ڈور ٹو ڈور پولیو ٹیموں کی ورکنگ کی چیکنگ کی، انہوں نے لاری اڈہ میں ٹرانزٹ پوائنٹس پر پولیو ورکرز کی حاضری اور ویکسینیشن کے ریکارڈ بھی چیک کیا، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کے پولیو ویکسینیشن کیمپو فیصد اہداف کو مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ انسداد پولیو ٹیمیں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لیے محنت سے کام کریں، کوئی بچہ بھی پولیو ویکسین پینے سے محروم نہ رہے، انسداد پولیو ٹیم میں سخت موسم کے پیش نظر تمام احتیاطی تدابیر اپنائیں، انہوں نے کہا کہ کچی آبادیوں اور خانہ بدوشوں کی بستیوں میں بھی تمام بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں اور ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ کے افسران انسٹال پولیو مہم کی تمام امور کی کڑی نگرانی کریں۔

نیشنل ایکشن پلان کے تحت ایک صوفی رنگ محفل سجائی گئی

صوفیاء کا پیغام امن، سانجھ اور رواداری کے فروغ کا ضامن ہے: پیرزادہ سید عمران احمد شاہ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا ایسے) پنجاب آرٹس کونسل ساہیوال ڈویژن کے زیر اہتمام نیشنل ایکشن پلان کے تحت ایک صوفی رنگ محفل سجائی گئی جس میں قوالی اور صوفی رقص پیش کیا گیا۔ وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ پیرزادہ عمران احمد شاہ تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ ممبران صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک اور ملک قاسم ندیم نے مہمانان اعزاز کے طور پر خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر پیرزادہ سید عمران احمد شاہ نے کہا کہ صوفیاء کا پیغام امن، سانجھ اور رواداری کے فروغ کا ضامن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوفیانہ کلام امن وسلامتی کی ترویج کا ذریعہ ہے اور نیشنل ایکشن پلان قومی بیانیے کی تشکیل اور نسل نو میں مثبت افکار کے فروغ کا لائحہ عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی نئی نسل کو پاکستان کی تہذیبی اقدار اور صوفیائی پرامن اور انسان دوست روایات سے متعارف کروانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صوفی رنگ جیسے پروگرام کا مقصد بھی معاشرے میں امن وسلامتی اور قومی وحدت ہے۔ ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک نے ساہیوال کو امن کا گہوارہ کہتے ہوئے بتایا کہ اس دھرتی کی تاریخ اور ثقافت صوفیائی فکر سے روشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے خطے کی عظمت پر فخر ہے اور صوفیاء کا درس معاشرے میں عام کر کے اسے انتشار سے بچانا ہے۔ ممبر پنجاب اسمبلی ملک قاسم ندیم نے کہا کہ صوفی رنگ محبت و رواداری سے سجایا ہے جو نوجوان نسل کو اپنی عظیم روایات سے جوڑتا ہے۔

ایسٹر کمیونٹی کا مقدس اور خوشیوں بھرا تہوار ہے: ڈی سی شیخوپورہ

مرید کے (تحصیل رپورٹر) ایسٹر کمیونٹی کا مقدس اور خوشیوں بھرا تہوار ہے جسے مسیحی برادری مذہبی جوش وخروش کے ساتھ مناتی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ستھرا پنجاب کے تحت مرید کے میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کیلئے مکمل انتظامات کئے گئے ہیں ڈی سی شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ اور سی ای او یاسین بردرز سید یٰسین گیلانی، حاجی عمیر چیمہ پراجیکٹ ڈائریکٹر، محمد کلیم آپریشن ہیڈ اور عمر خان تحصیل مینیجر نے مرید کے کے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ شہری صفائی کیلئے آنے والے ملازمین سے مکمل تعاون کریں اور کوڑا کرکٹ گھر کے باہر پھینکنے کی بجائے کوڑا دان میں ڈالیں مرید کے اور نارنگ منڈی میں ایسٹر کے موقع پر ورکرز کو ایڈوانس سیلری اور عیدی بھی دی گئی ڈی سی شیخوپورہ کا مسیحی کمیونٹی کو ایسٹر کی پیشگی مبارکباد دیتے ہوئے کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ انکی خوشیوں میں برابر کی شریک ہے

سی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر عطیہ ارشد ملک کا گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کا دورہ

اس موقع پر ڈاکٹر نصیر احمد چیمہ، ڈاکٹر نثار احمد، ڈاکٹر یونس فراز سمیت دیگر بھی موجود تھے



وزیر آباد (تحصیل رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن گوجرانوالہ ڈاکٹر عطیہ ارشد ملک کا گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کا دورہ، سولر پینل کا افتتاح کیا اور پودے لگائے۔ اس موقع پر ہیڈ ماسٹر عمران احمد، پرنسپل گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کشمیر کالونی، صدر تنظیم تاجران ریلوے روڈ طارق جاوید ملک،، جنرل سیکرٹری فرینڈلی ہینڈز محمد طارق طور، محمد بشیر بٹ، رانا نوید، چیئرمین پاکستان امن کمیٹی صاحبزادہ محمد رئیس نعیم، سابق پرنسپل محمد عارف ،ملک مقصود احمد این ایف سی والے محمد اقبال میکن ،اعجاز حسین مغل، ڈاکٹر نصیر احمد چیمہ، ڈاکٹر نثار احمد ،ڈاکٹر یونس فراز سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سی ای او ڈاکٹر عطیہ ارشد ملک نے کہا کہ گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول کے سابق طالبعلموں کی تنظیم فرینڈلی ہینڈز اور مخیر حضرات نے اپنے مادر علمی کے لیے بہترین خدمات سرانجام دیتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کا سولر سسٹم نصب کروا کے سکول کو لوڈ شیڈنگ فری کر دیا، بچوں کو گرمی اور حبس سے بچانے کے لیے سکول میں لاکھوں روپے مالیت کا سولر سسٹم لگوا دیا ہے، سکول کے سابق طالبعلموں کی تنظیم فرینڈلی ہینڈز اور مخیر حضرات کی جانب سے یہ ایک انتہائی احسن اقدام ہے انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پراجیکٹ کی تکمیل سے جہاں طلبہ اور اساتذہ کی تعلیمی قابلیت میں اضافہ ہوگا وہاں سمارٹ کلاس روم کا خواب بھی شرمندہ تعبیر ہوگا محکمہ تعلیم گوجرانوالہ خود انحصاری کے اصول کے تحت اور حکومت پر مالیاتی بوجھ کو کم کرنے کے لیے ہمہ وقت سرگرم ہے۔

امین پور بنگلہ میں تجاوزات کے خاتمے پر شہری وسماجی اور سیاسی تنظیموں کے رہنماؤں کی طرف سے خیر مقدم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) امین پور بنگلہ میں ناجائز تجاوزات کے خاتمے پر شہری وسماجی اور سیاسی تنظیموں کے رہنماؤں کی طرف سے خیر مقدم تفصیلات کے مطابق امین پور بنگلہ اور اس سے ملحقہ تمام دیہاتوں کے لوگوں نے علاقے کے دیرینہ مسئلہ ناجائز تجاوزات کے سبب رستوں اور پلوں کی بندش کے حل کے لئے بھرپور آپریشن کرنے پر تمام متعلقہ حکام بالخصوص ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل، اسسٹنٹ کمشنر، بھوآنہ، CEO ڈسٹرکٹ چنیوٹ، محکمہ انہار کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جماعت اسلامی وکسان بورڈ کے رہنما سید ذوالفقار علی شاہ و دیگر شخصیات نے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ تمام حکام اسی جزبہ سے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ اور چند شر پسند عناصر، جو کہ صرف ذاتی مالی مفاد کے سبب مختلف طریقوں سے رکاوٹیں کھڑی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ان کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کامیابی سے جاری رکھیں گے۔

پنجاب بھر میں ایک مرتبہ پھر سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا گیا

جس کے تحت غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگنے پر شہری کو اپیل کرنے کا حق ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب بھر میں ایک مرتبہ پھر سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ کرلیا گیا جس کے تحت غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگنے پر شہری کو اپیل کرنے کا حق ہوگا۔ زرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے غیر منقولہ جائیداد کے کم تخمینے کی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سٹامپ ڈیوٹی ایکٹ 1899ء میں ترمیم کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس حوالے سے دی سٹامپ ڈیوٹی ترمیمی ایکٹ 2025ء کے نام سے بل پنجاب اسمبلی میں پیش کیا گیا جواب متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا ہے، کمیٹی دو ماہ میں اس پر رپورٹ پیش کرے گی۔ ترمیمی بل میں تجویز دی گئی ہے کہ اگر کسی غیر منقولہ جائیداد کا تخمینہ کم لگے تو شہری کمشنر کے پاس اپیل کر سکیں گے، کمشنر کو اپیل موصول ہونے کے 15 دن کے اندر فیصلہ دینا ہوگا، ڈسٹرکٹ کلکٹر کی غلطی سے متاثرہ شہریوں کو انصاف کے حصول کا نیا موقع ملے گا، کیوں کہ اس سے پہلے صرف زیادہ تخمینہ لگنے پر ہی اپیل کی جا سکتی تھی جب کہ کم تخمینہ ہونے کی صورت میں کوئی قانونی راستہ موجود نہیں تھا۔ بتایا گیا ہے کہ بل میں غیر استعمال شدہ سٹامپ پیپر کی ری فنڈ کا نظام بھی تجویز کیا گیا ہے۔ اگر شہری دو سال تک سٹامپ پیپر استعمال نہ کریں یا ملک سے باہر ہوں، یا جیل میں ہوں یا سٹامپ ڈیوٹی ان کے قبضے میں نہ ہو تو وہ ریفنڈ حاصل کر سکیں گے

ایس ای سیالکوٹ کی زیر قیادت پاور ڈویژن اہداف 100 فیصد حاصل ہوئے۔ حافظ زبیح اللہ

سردار جمشید خان کی قائدانہ صلاحیتوں کے معترف ہیں۔ عاصم سہیل، غلام باری



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایس ڈی او ڈیفنس روڈ حافظ زبیح اللہ کی زیر صدارت گگنچکو سب ڈویژن ڈیفنس روڈ کی اہم میٹنگ ہوئی جس میں ایس ڈی او حافظ زبیح اللہ نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے آگاہ کیا کہ الحمدللہ سپرنٹینڈنٹ انجینیر گگنچکو سرکل سیالکوٹ سردار جمشید خان کی قیادت اور ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال گھمن کی زیر نگرانی پاور ڈویژن کی جانب سے دیئے گئے اہداف کامیابی سے حاصل کئے گئے جس کیلئے ہائی کمان سے فیلڈ عملہ تک کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ گگنچکو آفیسر رانا عاصم سہیل، میٹر انسپکٹر غلام باری، سنیئر کلیریکل سٹاف ڈیڈ ذیشان شاہ، ایل ایس اگو کی فیڈر چوہدری مدثر بھٹی، ایل ایس چک قاضی فیڈر مقصود احمد، ایک ایس علی رضا زوالفقار، حاجی محمد شہباز، محمد احمد رضا و دیگر عملہ کی بہتر کارکردگی پر حکام بالا کی جانب سے سراہا گیا۔

پولیس لائن ساہیوال میں جنرل پریڈ کا انعقاد

ایس پی آر آئی بی شاہد احمد نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی

پریڈ میں ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس اور لیڈی پولیس کے دستوں نے شرکت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) پولیس لائن ساہیوال میں جنرل پریڈ کا انعقاد، انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کے مطابق، پولیس لائن ساہیوال میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ ایس پی آر آئی بی شاہد احمد نے پریڈ کا معائنہ کیا اور سلامی لی۔ پریڈ میں ضلعی پولیس، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس اور لیڈی پولیس کے دستوں نے شرکت کی۔ دستوں نے مقررہ ترتیب کے مطابق مارچ پاسٹ کیا اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ایس پی آر آئی بی شاہد احمد نے پریڈ میں شامل افسران و اہلکاروں کی تیاری، ڈسپلن اور جوش و خروش کو سراہا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایسی سرگرمیاں فورس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارتی ہیں اور نظم وضبط میں بہتری کا ذریعہ بنتی ہیں بعد ازاں انہوں نے پولیس موبائل گاڑیوں اور کوت کی انسپکشن کی اور گاڑیوں پولیس کے زیر استعمال اسلحہ کی نگہداشت کے متعلق مناسب ہدایات دیں۔

ریسکیو 1122 کے فائر فائیٹرز کی بروقت کاروائی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ریسکیو 1122 کے فائر فائیٹرز کی بروقت کاروائی کھیتوں میں لگنے والی آگ پر قابو پا کر 150 ایکڑ رقبہ پر تیار گندم کی فصل کو جلنے سے بچا لیا۔ حافظ آباد کے نواحی گاؤں اٹلے رحمان کے قریب کھیتوں میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو 1122 کی آگ بجھانے والی ٹیموں نے اپنی پیشہ وارانہ مہارت اور دستیاب سہولیات کے باعث بروقت ریسکیو آپریشن کرتے ہوئے آگ پر قابو پا کر قریبی کھیتوں میں گندم کی تیار فصل کو آگ سے بچا لیا۔ ریسکیو زرائع کے مطابق فائر فائیٹرز کی بروقت کاروائی سے 150 ایکڑ رقبہ پر تیار گندم کی فصل کو جلنے سے بچا لیا گیا۔

حافظ آباد میں ادو کی کوٹ سرور روڈ پر تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل کے تصادم میں اٹھارہ سالہ زین ولد عابد سکنہ نوتھیں جاں بحق

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ادو کی کوٹ سرور روڈ پر تیز رفتار کار اور موٹر سائیکل کے تصادم میں اٹھارہ سالہ زین ولد عابد سکنہ نوتھیں جاں بحق جبکہ شاہد عمران اور ثناء اللہ شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کی ریسکیو کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر ٹراما سنٹر منتقل کیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے۔

تھانہ راوی کی حدود جندرا کہ میں زاہد حسین نامی شخص نے پکار 15 پر واردات کی جھوٹی اطلاع دینے پر مقدمہ درج

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ راوی کی حدود جندرا کہ میں زاہد حسین نامی شخص نے پکار 15 پر واردات کی اطلاع دی۔ کالر کے مطابق اس کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی ہے اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او انسپکٹر نعیم سکندر اپنی ٹیم کے ہمراہ ریپانڈ کرتے ہوئے موقع پر پہنچے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر حالات کو مشکوک پایا۔ حالات و واقعات سے پتہ چلا کہ زاہد، وقار اکبر اور اطہر شہزاد کا آپس میں لڑائی جھگڑا ہوا ہے۔

گوجرانوالہ محکمہ ایریگیشن میں میں بڑے پیمانے پر چوری پکڑی گئی

گوجرانولہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) تھانہ فیروز والا کے علاقہ میں محکمہ انہار کے ملازمین امجد چوہان اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کرین اور ٹریکٹر ٹرالی وغیرہ لگا کر لاکھوں کی مٹی چوری میں مصروف تھا کہ ثاقب بٹ نامی ملازم کا اچانک گزر ہوا تو دیکھا نہر سے مٹی چوری ہو رہی ہے تو اس نے 15 پر کال کر کے پولیس بلالی اور موقع پر امجد چوہان کو دیکھا جا سکتا ہے جو اپنے ساتھیوں سمیت مٹی چوری کر رہا تھا لیکن ابھی تک ان بااثر ملازمین کے خلاف افسران کی طرف سے کوئی بھی قانونی کارروائی نہ ہو سکی۔

جہلم شہر میں ٹریفک کی بگڑتی صورتحال ایک خطرناک رخ اختیار کر گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں ٹریفک کی بگڑتی صورتحال ایک خطرناک رخ اختیار کر گئی ہے، اندرون شہر کم عمر کشادہ اور موٹر سائیکل ڈرائیورز سڑکوں پر چلتے پھرتے بم بن چکے ہیں۔ ٹریفک قوانین سے ناواقف اور ڈرائیونگ کی بنیادی تربیت سے محروم کم عمر ڈرائیورز آئے دن حادثات کا سبب بن رہے ہیں، جس سے نہ صرف انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہے بلکہ شہریوں میں شدید خوف و ہراس بھی پایا جاتا ہے۔ شہریوں نیچ کاشف علی ایڈووکیٹ، حاجی شکیل احمد صفدر شاہین، میاں اعظم علی، ابراہیم بادشاہ، مختار وں کے کھلاڑی چنگ چی رکشے اور موٹر سائیکل ڈرائیورز سڑکوں پر قانون کی دھجیاں اڑاتے دکھائی دیتے ہیں۔

اوباش سے تنگ آکر آٹھویں کلاس کی طالبہ نے سکول جانا چھوڑ دیا

نارنگ پولیس نے طالبہ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے پر اوباش کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نواحی گاؤں سوداگر پورہ میں اوباش کی اوچھی حرکتوں سے تنگ آکر آٹھویں کلاس کی طالبہ نے سکول جانا چھوڑ دیا نارنگ پولیس نے طالبہ کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے پر اوباش کے خلاف مقدمہ درج کر لیا سوداگر پورہ کی رہائشی (م) بھاگو ڈیال سکول میں آٹھویں کلاس کی طالبہ ہے روز سودا سلف لینے دوکان پر گئی تو گاؤں کے اوباش ملزم نے مبینہ طور پر بازو پکڑ کر دست درازی شروع کر دی چھڑوانے پر تھپڑ مارے جب اہل خانہ نے اوباش نوجوان شوکت عرف لبہ سے باز پرس کی تو ملزم نے کہا ایسا کرنا میری عادت ہے جو کرنا ہے میرا کر لو جس پر دلبرداشتہ ہو کر طالبہ نے سکول جانا چھوڑ دیا نارنگ پولیس نے چچائی مدعیت میں شوکت عرف لبہ کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ اوباش کی وجہ سے سکول چھوڑنے پر اہل علاقہ میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے۔

مبینہ طور پر 15 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری، ملازم ملوث نکلا

میرا مقدمہ درج کیا جائے اور میرے نقصان کا ازالہ کیا جائے: تاجر عمیر



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد کے معروف تاجر عمیر نے پریس کلب فیصل آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ وہ ''رائل مین اسٹیچر اینڈ فیبرک'' کے نام سے کپڑے کے کاروبار سے وابستہ ہیں اور ان کی لالٹا نور نامی لڑکی کے ساتھ کاروباری شراکت داری تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ دفتر کی چابیاں لالٹا نور کے پاس ہوا کرتی تھیں، جو ان کی غیر موجودگی میں مبینہ طور پر 15 لاکھ روپے مالیت کا سامان چوری کر کے لے گئی، عمیر نے بتایا کہ جب انہوں نے اس پر اعتراض کیا تو لالٹا نور نے جواب دیا کہ ڈیڑھ لاکھ روپے دے کر سامان واپس لے لو، لیکن جب عمیر نے ادائیگی کر کے سامان حاصل کرنا چاہا تو وہ صرف 70 ہزار روپے مالیت کا نکلا۔ اس پر انہوں نے 15 پر کال کر کے سامان برآمد کروایا اور پولیس کو باقاعدہ تحریری درخواست بھی دی، مگر تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہیں آئی۔ انہوں نے مزید الزام عائد کیا کہ علی نامی شخص 35 سے 40 افراد لے کر ان کے دفتر آ گیا، جہاں نہ صرف انہیں ہراساں کیا گیا بلکہ محبوس بنا کر جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئیں۔ عمیر نے بتایا کہ انہوں نے تھانہ پیپلز کالونی میں درخواست دی اور سی سی ٹی وی فوٹیج بھی فراہم کی، مگر اس کے باوجود کوئی مقدمہ درج نہیں کیا گیا۔ عمیر نے وزیر اعظم پاکستان، وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے کہا: ''میں ایک باعزت پاکستانی شہری ہوں، ہم تین نسلوں سے مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ہوں، ہمیں تنہا نہ چھوڑا جائے۔ میرا مقدمہ درج کیا جائے اور میرے نقصان کا ازالہ کیا جائے۔''

موٹر سائیکل چور گینگ بے لگام، پولیس بے خبر! شہری لٹنے پر مجبور

واقعات کے مطابق دیپالپور شہر میں چوروں کا راج، پولیس مکمل طور پر بے بس

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) موٹر سائیکل چور گینگ بے لگام، پولیس بے خبر! شہری لٹنے پر مجبور، واقعات کے مطابق دیپالپور شہر میں چوروں کا راج، پولیس مکمل طور پر بے بس! موٹر سائیکل چور گینگ دیدہ دلیری سے وارداتیں کر رہے ہیں، شہری اپنی قیمتی موٹر سائیکلوں سے محروم ہو رہے ہیں، مگر پولیس کو روایتی ''تفتیش'' سے فرصت نہیں گزشتہ دنوں معروف صحافی عرفان بھٹی کی موٹر سائیکل ان کے گھر کے باہر سے چوری کر لی گئی، لیکن پولیس حسب معمول کوئی سراغ نہ لگا سکی۔ نہ کوئی گرفتاری، نہ کوئی سراغ صرف وعدے اور دلاسے دیئے جا رہے ہیں شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی نااہلی اور مبینہ چشم پوشی نے چوروں کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے۔ تھانہ میں رپورٹ درج کرانا بھی عوام کے لیے ایک عذاب بن چکا ہے، عوامی نمائندوں نے اعلیٰ پولیس افسران سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ نااہل اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور چوروں کے خلاف فوری اور مؤثر آپریشن شروع کیا جائے، ورنہ شہری سڑکوں پر نکلنے پر مجبور ہوں گے''۔

اسلام دشمن قوتیں مسلمانوں کی کبھی خی

روزنامہ ''قوت'' لاہور ہے(7) منگل 22 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مفلوک الحال والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1 — بقیہ — بقیہ جات

ہمیں پریس سے نہ جانے فارنگ دے، یہ مقابلہ نصف گھنٹے تک جاری رہا،جس کے نتیجے میں ایک دوشٹ گروں نے مارا اور باقی فرار ہوگئے جب کہ دوشٹ گروں کی فارنگ سے ایک کامسیل شہید ہوگیا۔پولیس کے مطابق ہلاک دوشٹ گرکی شناخت ان کے ہم سے ساتھی نے کی ہے جس کے قبضے سے دوشاتی کارڈز، تین ان کے کارڈز اور موبائل فون برآمد ہوئے ہیں کہ فرار ہونے والے دوشٹ گردوں کے قبضے سے ایک ایس ایم بی، راکٹ لانچر اور دو سوراخ سنائیکس برآمد ہوئیں۔دوسری جانب دوسرے ڈیتھ بلاسٹ شرپ نے فائرنگ کرتے ہوئے کامیسل کی شہادت ہوئی جس کے قبضے سے دوشاتی کارڈز، تین ان کے کارڈز اور موبائل فون برآمد ہوئے کہ فرار ہونے والے دوشٹ گردوں کے ساتھیوں کو گرفتار کرنے کے لیے ان سے رابطہ کیا جارہا ہے۔ایس ایس پی ماڈل ٹاؤن عمر سعید ملہی نے کہا کہ دوشٹ گردی کے واقعے کے بعد شہر میں سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ہر مشکوک شخص کی سختی سے چیکنگ کی جارہی ہے۔

2 — بقیہ — بقیہ جات

علامہ محمد اقبال کا 9 مارچ 1877ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے، انہوں نے ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں ہی حاصل کی مشن ہائی سکول سے میٹرک اور مرے کالج سیالکوٹ سے ایف اے کیا اس کے بعد گورنمنٹ کالج لاہور سے عربی اور فلسفہ میں ایم اے کیا اور اسی کالج میں تدریس کے فرائض سرانجام دیئے۔ علامہ اقبال نے گورنمنٹ کالج لاہور سے قانون کی ڈگری حاصل کی اور انگلینڈ چلے گئے جہاں سے کیمبرج یونیورسٹی سے قلسفے میں پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے انگلینڈ کا بار ایٹ لاء کا امتحان بھی پاس کیا۔ آپ نے ایک مشاعرے کے طرح پر ایک مصرعہ پر ایک غزل لکھی جس کا مطلع ہے

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

1930ء میں انہوں نے الہ آباد میں مسلم لیگ کے اجلاس کی صدارت کی اور اپنے مشہور خطبہ میں علیحدہ مملکت کا تصور پیش کیا، ان کا نظریہ علامہ اقبال کے تصور پاکستان کے نام سے مشہور ہے۔ علامہ اقبال کی قائداعظم کی صلاحیتوں پر گہری نظر تھی۔ وہ قائداعظم کو برصغیر کے مسلمانوں کی بہترین رہنمائی کر سکنے والا واحد رہنما سمجھتے تھے۔ علامہ اقبال نے قائداعظم کو ہندوستان واپس آنے اور مسلمانوں کی رہنمائی کرنے پر آمادہ کیا۔ علامہ اقبال کا انتقال 21 اپریل 1938ء کو ہوا۔

3 — بقیہ — بقیہ جات

الف بائی گوجرانوالہ کی ایک ادبی تنظیم ہے جس کی بنیاد 1923ء میں رکھی گئی۔ اس کے بانی صدر مولانا ظفر علی خان تھے۔ اس کے پہلے سیکرٹری مولانا محمد یعقوب تھے۔ الف بائی کے پہلے اجلاس کی صدارت مولانا ظفر علی خان نے کی۔ اس کے بعد مولانا عبدالمجید سالک، مولانا عبدالقادر قصوری، مولانا غلام رسول مہر، مولانا چراغ حسن حسرت، مولانا احمد شاہ بخاری پطرس، مولانا صلاح الدین احمد،

آئے روز لاہور ہیلتھ کیئر سسٹم کیلئے بہتر ثابت ہوگا، خواجہ سلمان رفیق

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیرِ صدارت سی ٹی ڈی کے اہم اجلاس

لاہور میں ایشیاء کا سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے: صوبائی وزیر صحت

عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، بی ڈی ایس کے بچے چار سال بعد ہسپتالوں میں مریضوں کا علاج کر رہے ہوں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ڈی مونٹ رشی ٹاک آف ایسٹمری لاہوری وائٹ کوٹ تقریب 2025 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر سنگ فیلڈ، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز سے پروفیسر ساوہ غور، سابق پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر ذوالفقار نیازی، پرنسپل پروفیسر ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ پروفیسر محمد عمین، پروفیسر محمد یوسف، سابق پرنسپل پروفیسر حمید الحمید، ڈاکٹر سعدیہ شکیل، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز سے پروفیسر ساوہ غور، سابق پرنسپل پروفیسر نازیہ یزدانی، پرنسپل پروفیسر ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ پروفیسر محمد عمین، پروفیسر محمد الیاس، پروفیسر آصف علی شاہ، پروفیسر شاہد وہاب، ڈاکٹر طاہر اور طلباء و طالبات سمیت والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروفیسر محمد الیاس نے وائٹ کوٹ پہننے والے طلباء و طالبات سے عہد لیا۔ ایڈیٹر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمین، پروفیسر محمد الیاس، ایم ایس ڈاکٹر فرخ، پروفیسر محمد شاہد وہاب، پروفیسر ڈاکٹر شاہد محمود، ڈاکٹر ذوالفقار نیازی، ڈاکٹر سعدیہ حمید الحمید، ڈاکٹر طاہر اور دیگر نے شرکت کی۔



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پنجاب ہیلتھ فیسلٹیز اینڈ انویسٹمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف کراچی میں خواتین کا احتجاج

احتجاجی ریلی کراچی پریس کلب پر اختتام پذیر، طالبات، مذہبی اسکالرز، ڈاکٹرز، وکلا خواتین کی شرکت

دہشتگردوں کی کوئی قومیت یا مذہب نہیں، یہ حیوان کہلانے کے بھی لائق نہیں، شرکاء

کراچی (این این آئی) دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کی ملک دشمن کارروائیوں کے خلاف شہر قائد میں خواتین نے پرامن احتجاج کیا گیا، جس میں بلوچستان کے عوام سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ صوبہ بلوچستان میں جاری دہشتگردی کے خلاف کراچی کی خواتین نے بھرپور اور پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاج کا مقصد بلوچستان میں شہید کیے جانے والے معصوم پاکستانیوں سے اظہار یکجہتی اور کالعدم دہشتگرد تنظیم بی ایل اے و بلوچ تحریک آزادی کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی مذمت کرنا تھا۔ احتجاجی ریلی مزار قائد سے شروع ہوئی اور کراچی پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی، جس میں طالبات، مذہبی اسکالرز، وکلا اور شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ریلی کے موقع پر کہا کہ کراچی کیٹرل القومی شہر ہے جہاں ہر صوبے سے تعلق رکھنے والے افراد مل جل کر رہتے ہیں۔ کراچی میں ملیوں پلوٹیوں (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل، امور نوجوان ملک فیصل ایوب کھوکھر، کھیلوں کی اہم انتظامی شخصیات کے ہمراہ۔



لاہور: صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوان ملک فیصل ایوب کھوکھر، کھیلوں کی اہم انتظامی شخصیات کے ہمراہ

ملک فیصل ایوب کھوکھر کا آئندہ سال کیلئے سپورٹس کے میگا منصوبوں کا اعلان

والی ہال، باسکٹ بال، بیڈمنٹن کے 100 آؤٹ ڈور گراؤنڈز، لاہور کی ماڈل ٹاؤن لوکیشن پر 50 سپورٹس کی آؤٹ ڈور سہولیات بنانے کا منصوبہ تیار کرنے کا حکم

11 ارب روپے کی لاگت سے 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، اگلے سال پنجاب بھر میں 25 ارب روپے کی سپورٹس سہولیات پر کام کیا جائے گا، وزیر کھیل پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے آئندہ سال کیلئے سپورٹس کے میگا منصوبوں کا اعلان کردیا ہے، پنجاب کے تمام اضلاع میں والی بال، باسکٹ بال اور بیڈمنٹن کے 100 آؤٹ ڈور گراؤنڈز، لاہور کی ماڈل لوکیشن پر 50 سپورٹس کی آؤٹ ڈور سہولیات بنانے کا منصوبہ تیار کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، 11 ارب روپے کی لاگت سے 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، اگلے سال پنجاب بھر میں 25 ارب روپے کی سپورٹس سہولیات پر کام کیا جائے گا، وزیر کھیل پنجاب زیر صدارت ہونیوالے اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں 1 ارب روپے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی قاری صفیق الرحمن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مودودی سیاستدان ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، یہ جے یو آئی (ف) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

مولوی سیاستدا ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، جے یو آئی

جے یو آئی (ف) کا اس ملک میں امتیاز رہا ہے کہ اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا، امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور

ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علمائے اسلام (ف) ملک میں سیاسی جدوجہد کر رہی ہے

سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاہور فورم قاری صفیق الرحمن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مودودی سیاستدان ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، یہ جے یو آئی (ف) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخ بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی فیضان شیخ بٹ ایڈووکیٹ، اورنگزیب گرلز اطلاعات



اسلام آباد: ایک لیڈی ہیلتھ ورکر اسد اپولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلا رہی ہے

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر سندھ حکومت کا کریک ڈاؤن

308 ہیوی اور لائٹ ٹرانسپورٹ گاڑیاں ضبط ہوگئیں، صوبائی وزیر شریتل اعجام میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کی جانب سے ٹریفک قوانین کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے بریفنگ دی، انہوں نے بتایا کہ فیسٹی نمبر پلیٹس، فٹنڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، کروڑوں روپے کی منشیات برآمد

7 مختلف آپریشنز میں 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا 191.164 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی

راولپنڈی/لاہور/ملتان (این این آئی) ملک میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑی کریک ڈاؤن کے دوران 4 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کی گئی۔ انٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 7 مختلف آپریشنز میں 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور مجموعی طور پر 191.164 کلوگرام منشیات برآمد کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

مقبوضہ کشمیر، طوفانی بارشوں اور سیلاب سے 3 افراد جاں بحق

ضلع رام بن میں خراب موسم کے باعث تمام تعلیمی ادارے بند، مزید بارشوں کی پیشگوئی

سری نگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کے ضلع رام بن میں طوفانی بارشوں کے باعث آنے والے سیلاب کے نتیجے میں ایک بچے سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ عرب نیوز کی رپورٹ کے مطابق ضلع رام بن میں سیلاب نے جہاں 3 افراد کی جان لے لی وہیں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث متعدد گاڑیاں ملبے تلے دب گئیں۔ دوسری جانب خراب موسم کے باعث دریا رام بن میں تمام تعلیمی ادارے بند کردیے گئے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)



جہانگیر خان ترین کا نیوال پبلک سکول اینڈ کالج یونیورسٹی کے گریجویشن میں قائم کی گئی جدید ترین کیمیٹری لیب اور سائنس لیب کا دورہ کر رہے ہیں

آئے روز لاہور ہیلتھ کیئر سسٹم کیلئے بہتر ثابت ہوگا، خواجہ سلمان رفیق

لاہور میں ایشیاء کا سب سے بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے: صوبائی وزیر صحت

عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، بی ڈی ایس کے بچے چار سال بعد ہسپتالوں میں مریضوں کا علاج کر رہے ہوں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ڈی مونٹ رشی ٹاک آف ایسٹمری لاہوری وائٹ کوٹ تقریب 2025 میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر سنگ فیلڈ، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز سے پروفیسر ساوہ غور، سابق پرنسپل پروفیسر حمید الحمید، ڈاکٹر سعدیہ شکیل، یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز سے پروفیسر ساوہ غور، سابق پرنسپل پروفیسر نازیہ یزدانی، پرنسپل پروفیسر ڈینٹل ڈیپارٹمنٹ پروفیسر محمد عمین، پروفیسر محمد الیاس، پروفیسر آصف علی شاہ، پروفیسر شاہد وہاب، ڈاکٹر طاہر اور طلباء و طالبات سمیت والدین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروفیسر محمد الیاس نے وائٹ کوٹ پہننے والے طلباء و طالبات سے عہد لیا۔ ایڈیٹر میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمد عمین، پروفیسر محمد الیاس، ایم ایس ڈاکٹر فرخ، پروفیسر شاہد وہاب، پروفیسر ڈاکٹر شاہد محمود، ڈاکٹر ذوالفقار نیازی، ڈاکٹر سعدیہ حمید الحمید، ڈاکٹر طاہر اور دیگر نے شرکت کی۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پنجاب ہیلتھ فیسلٹیز اینڈ انویسٹمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بی ایل اے کی دہشت گردی کے خلاف کراچی میں خواتین کا احتجاج

احتجاجی ریلی کراچی پریس کلب پر اختتام پذیر، طالبات، مذہبی اسکالرز، ڈاکٹرز، وکلا خواتین کی شرکت

دہشتگردوں کی کوئی قومیت یا مذہب نہیں، یہ حیوان کہلانے کے بھی لائق نہیں، شرکاء

کراچی (این این آئی) دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کی ملک دشمن کارروائیوں کے خلاف شہر قائد میں خواتین نے پرامن احتجاج کیا گیا، جس میں بلوچستان کے عوام سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ صوبہ بلوچستان میں جاری دہشتگردی کے خلاف کراچی کی خواتین نے بھرپور اور پرامن احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاج کا مقصد بلوچستان میں شہید کیے جانے والے معصوم پاکستانیوں سے اظہار یکجہتی اور کالعدم دہشتگرد تنظیم بی ایل اے و بلوچ تحریک آزادی کی دہشت گردانہ کارروائیوں کی مذمت کرنا تھا۔ احتجاجی ریلی مزار قائد سے شروع ہوئی اور کراچی پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی، جس میں طالبات، مذہبی اسکالرز، وکلا اور شعبہ حیات سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ریلی کے موقع پر کہا کہ کراچی کیٹرل القومی شہر ہے جہاں ہر صوبے سے تعلق رکھنے والے افراد مل جل کر رہتے ہیں۔ کراچی میں ملیوں پلوٹیوں (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل، امور نوجوان ملک فیصل ایوب کھوکھر، کھیلوں کی اہم انتظامی شخصیات کے ہمراہ۔

لاہور: صوبائی وزیر کھیل و امور نوجوان ملک فیصل ایوب کھوکھر، کھیلوں کی اہم انتظامی شخصیات کے ہمراہ

ملک فیصل ایوب کھوکھر کا آئندہ سال کیلئے سپورٹس کے میگا منصوبوں کا اعلان

والی ہال، باسکٹ بال، بیڈمنٹن کے 100 آؤٹ ڈور گراؤنڈز، لاہور کی ماڈل لوکیشن پر 50 سپورٹس کی آؤٹ ڈور سہولیات بنانے کا منصوبہ تیار کرنے کا حکم

11 ارب روپے کی لاگت سے 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، اگلے سال پنجاب بھر میں 25 ارب روپے کی سپورٹس سہولیات پر کام کیا جائے گا، وزیر کھیل پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے آئندہ سال کیلئے سپورٹس کے میگا منصوبوں کا اعلان کردیا ہے، پنجاب کے تمام اضلاع میں والی بال، باسکٹ بال اور بیڈمنٹن کے 100 آؤٹ ڈور گراؤنڈز، لاہور کی ماڈل لوکیشن پر 50 سپورٹس کی آؤٹ ڈور سہولیات بنانے کا منصوبہ تیار کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، 11 ارب روپے کی لاگت سے 68 سپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے جائیں گے، اگلے سال پنجاب بھر میں 25 ارب روپے کی سپورٹس سہولیات پر کام کیا جائے گا، وزیر کھیل پنجاب زیر صدارت ہونیوالے اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں 1 ارب روپے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی قاری صفیق الرحمن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مودودی سیاستدان ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، یہ جے یو آئی (ف) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

مولوی سیاستدا ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، جے یو آئی

جے یو آئی (ف) کا اس ملک میں امتیاز رہا ہے کہ اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا، امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور

ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علمائے اسلام (ف) ملک میں سیاسی جدوجہد کر رہی ہے

سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاہور فورم قاری صفیق الرحمن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مودودی سیاستدان ملک کے عوام کو غلام سمجھتے ہیں، یہ جے یو آئی (ف) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شیخ بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی فیضان شیخ بٹ ایڈووکیٹ، اورنگزیب گرلز اطلاعات

اسلام آباد: ایک لیڈی ہیلتھ ورکر اسد اپولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے پلا رہی ہے

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر سندھ حکومت کا کریک ڈاؤن

308 ہیوی اور لائٹ ٹرانسپورٹ گاڑیاں ضبط ہوگئیں، صوبائی وزیر شریتل اعجام میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کی جانب سے ٹریفک قوانین کے خلاف کریک ڈاؤن کے حوالے سے بریفنگ دی، انہوں نے بتایا کہ فیسٹی نمبر پلیٹس، فٹنڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، کروڑوں روپے کی منشیات برآمد

7 مختلف آپریشنز میں 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا 191.164 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی

راولپنڈی/لاہور/ملتان (این این آئی) ملک میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بڑی کریک ڈاؤن کے دوران 4 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کی گئی۔ انٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 7 مختلف آپریشنز میں 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور مجموعی طور پر 191.164 کلوگرام منشیات برآمد کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

مقبوضہ کشمیر، طوفانی بارشوں اور سیلاب سے 3 افراد جاں بحق

ضلع رام بن میں خراب موسم کے باعث تمام تعلیمی ادارے بند، مزید بارشوں کی پیشگوئی

سری نگر (این این آئی) مقبوضہ کشمیر کے ضلع رام بن میں طوفانی بارشوں کے باعث آنے والے سیلاب کے نتیجے میں ایک بچے سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ عرب نیوز کی رپورٹ کے مطابق ضلع رام بن میں سیلاب نے جہاں 3 افراد کی جان لے لی وہیں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث متعدد گاڑیاں ملبے تلے دب گئیں۔ دوسری جانب خراب موسم کے باعث دریا رام بن میں تمام تعلیمی ادارے بند کردیے گئے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

جہانگیر خان ترین کا نیوال پبلک سکول اینڈ کالج یونیورسٹی کے گریجویشن میں قائم کی گئی جدید ترین کیمیٹری لیب اور سائنس لیب کا دورہ کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیرِ صدارت سی ٹی ڈی کے اہم اجلاس

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق سنگین جرائم میں ملوث کریمنلز کا سدباب کریں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور

عثمانیات کے بڑے ڈیلٹرز، خطرناک کریمنلز کی گرفتاری و سزائیں، ٹوگو ایمپائز کا خاتمہ اور حساس ایونٹس کی سیکیورٹی یقینی بنائیں، گفتگو

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے اجلاس میں مختلف جرائم کے خاتمے کے لئے سی ٹی ڈی کے مجموعی اقدامات کا جائزہ لیا۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے چیف ریسورس، انٹیلی جنس، فی اور آرگنائزڈ انتظامی امور بھی زیر غور آئے۔ وقاص لطیف، ایس ایس پی سی ٹی ڈی اور سینئر افسران اجلاس میں موجود تھے جبکہ سی ٹی ڈی کے تمام شعبوں کے انسپکٹر ریک کے افسران و اہلکاروں نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت سی ٹی ڈی کے اجلاس میں ٹوگو ایمپائز کے خاتمے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ سی ٹی ڈی نے ٹوگو ایمپائز کے 27 ارکان کو گرفتار کیا، 3 کو مقابلے میں مار دیا گیا، 2 کو ملک بدر کیا گیا، 2 کو انٹرپول کے ذریعے گرفتار ک